آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 34 | بروز جمعہ 16 ستمبر 2022ء بمطابق 19 صفر 1444ھ | شمارہ نمبر 217

وزیراعظم اور ازبک صدر کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات اور علاقائی و بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال

وزیراعظم نے قریبی دفاعی اور سیکورٹی تعاون اور تعلیم، ثقافت اور سیاحت کے شعبوں میں تعاون کو مزید بڑھانے کی ضرورت پر روشنی ڈالی

وزیراعظم نے صدر شوکت مرزیوف کو دورہ پاکستان کی دعوت دی' ازبک صدر نے وزیراعظم کو جلد دورہ ازبکستان کی دعوت دی

شہباز شریف کا افغانستان، پاکستان اور ازبکستان کی تکنیکی ٹیموں کی جانب سے افغانستان کے اندر فیلڈ مہم کی کامیاب تکمیل پر اطمینان کا اظہار

شرقندہ (این این آئی) شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہی اجلاس کے موقع پر وزیراعظم شہباز شریف اور ازبکستان کے صدر کے درمیان دوطرفہ ملاقات ہوئی جس میں پاکستان ازبکستان تعلقات اور علاقائی اور بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف اور ازبکستان کے صدر شوکت مرزیوف نے ازبکستان کے شہر سمرقند میں شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) کے سربراہی اجلاس کے موقع پر ملاقات کی، دونوں رہنماؤں نے پاکستان ازبکستان تعلقات اور علاقائی اور بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیراعظم نے سیلاب سے متاثرہ افراد کیلئے انسانی امداد بھیجنے، سیلاب زدگان کیلئے ہمدردی بقیہ نمبر1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیراعظم میاں شہباز شریف سے روسی صدر ولادیمیر پیوٹن ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:00
مغرب	6:30
عشاء	07:30

اہل تشیع

فجر صبح	05:15
ظہرین	01:00
مغربین	7:00

بلوچستان کے عوام امن چاہتے ہیں، بچے اچھی تعلیم کے خواہاں ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

بلوچستان اور خاص طور سے آواران کو انسرجنسی نے 30 سال پیچھے دھکیل دیا ہے پہاڑوں پر جانے والے بھی ہمارے لوگ ہیں اور دونوں جانب سے ہونے والا نقصان ہمارا نقصان ہے

بلوچستان اور آواران کے بچے بھی تعلیم حاصل کر کے ڈاکٹر، انجینئر اور فوج سمیت دیگر شعبوں میں جانا چاہتے ہیں اور یہ ہمارا فرض ہے کہ ہم اپنے بچوں کو اعلیٰ تعلیم و تربیت کے مواقع فراہم کریں

آج کا دن آواران کی تاریخ کا روشن دن ہے آواران کی نوجوان نسل کو کیڈٹ کالج کے قیام کی صورت میں عظیم تحفہ ملا ہے جو ہمارے علاقے کے نوجوانوں کے روشن مستقبل کی تعمیر کی بنیاد ثابت ہوگا' میر عبدالقدوس بزنجو

آواران (ٹی ٹی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ بلوچستان اور خاص طور سے آواران کو انسرجنسی نے 30 سال پیچھے دھکیل دیا ہے پہاڑوں پر جانے والے بھی ہمارے لوگ ہیں اور دونوں جانب سے ہونے والا نقصان ہمارا نقصان ہے ہم نے اس عرصہ میں اپنے بہت سے پیاروں کو کھویا ہے بلوچستان کے عوام امن چاہتے ہیں اور ہمارے بچے اچھی تعلیم کے خواہاں ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے آواران کیڈٹ کالج جل جھاؤ کے معائنے کے موقع پر کی جانے والی بریفنگ کے دوران کیا صوبائی وزیر عبدالرشید بلوچ، چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی، آئی جی پولیس عبدالخالق شیخ، علاقے کے نمائندین اور مختلف محکموں کے سیکرٹریز، کمشنر قلات اور دیگر حکام بھی اس موقع پر موجود تھے وزیراعلیٰ نے اپنے خطاب میں کہا کہ بلوچستان بقیہ نمبر2 صفحہ 3 پر

آواران: وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

صحافت اور اظہار رائے کی آزادی پر حملے ہو رہے ہیں، بلاول بھٹو

جمہوریت ہی ناانصافی اور عدم مساوات سے لڑنے کا ایک بہترین ہتھیار ہے، جمہوریت کے عالمی دن پر پیغام

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین اور وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ آزادی صحافت اور اظہار رائے کی آزادی پر حملے ہو رہے ہیں۔ وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے جمہوریت کے عالمی دن کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ جمہوریت بقیہ نمبر3 صفحہ 3 پر

جمہوریت قانون کی حکمرانی اور بنیادی انسانی حقوق کا محور ہے، چیئرمین سینٹ

آزادی اظہار رائے، احتسابی عمل اور انسانی حقوق کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے جمہوری نظام ہی واحد راستہ ہے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے کہا ہے کہ آزادی اظہار رائے، احتسابی عمل اور انسانی حقوق کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے جمہوری نظام ہی واحد راستہ ہے، 15 ستمبر انتہائی اہم موقع ہے جس میں ہم ملکی ترقی اور جمہوری اصلاح کے عمل کو آگے بڑھانے بقیہ نمبر10 صفحہ 3 پر

عمران خان کی تقریر کے الفاظ غلط تھے، دہشتگردی کی دفعہ نہیں بنتی، جسٹس اطہر من اللہ

ہائی کورٹ نے دہشت گردی کا مقدمہ خارج کرنے کی درخواست پر جے آئی ٹی سے پیر تک رپورٹ طلب کر لی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے سابق وزیراعظم اور چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان کے خلاف خاتون ایڈیشنل سیشن جج کو دھمکانے پر درج دہشت گردی کا مقدمہ خارج کرنے کی درخواست پر جے آئی ٹی سے پیر تک رپورٹ طلب بقیہ نمبر11 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو دو روزہ دورے پر ضلع آواران پہنچ گئے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو دو روزہ دورے پر ضلع آواران پہنچ گئے۔ جمعرات کو وزیراعلیٰ بقیہ نمبر12 صفحہ 3 پر

سیلاب زدگان کی بحالی کے لئے پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان کی امدادی کارروائیاں جاری

کوئٹہ (این این آئی) سیلاب زدگان کی بحالی کے لئے پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان کی امدادی کارروائیاں جاری بقیہ نمبر13 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں لڑائی جھگڑے کے دوران فائرنگ سے ایک شخص زخمی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں لڑائی جھگڑے کے دوران فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق جمعرات کو کوئٹہ بقیہ نمبر14 صفحہ 3 پر

جامعہ گوادر کی دوسری فنانس اینڈ پلاننگ کمیٹی میٹنگ 16 ستمبر ہوگی

گوادر (ٹی ٹی) جامعہ گوادر کی دوسری فنانس اینڈ پلاننگ کمیٹی میٹنگ 16 ستمبر ہوگی۔ اجلاس کی صدارت وائس چانسلر جامعہ بقیہ نمبر15 صفحہ 3 پر

ژوب، طوفانی بارشوں کے بعد گیسٹرو کی وباء پھوٹ پڑی کئی افراد جاں بحق درجنوں متاثر

ژوب (این این آئی) طوفانی بارشوں کے بعد گیسٹرو کی وباء پھوٹ پڑی کئی افراد جاں بحق درجنوں متاثر ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق گستوئی مندوخیل کلی بہلول خزاخیل میں ہیضے کی وباء سے ایک اور خاتون جان بحق، ژوب یونین کونسل گستوئی مندوخیل بارڈر مون سون بارشوں کی وجہ سے مالی جانی نقصانات کے علاوہ ری سی سر گیسٹرو کی بقیہ نمبر16 صفحہ 3 پر

نواب شاہ: صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی کو سیلاب متاثرہ علاقوں کے برائے بریفنگ دی جا رہی ہیں

ایک کلو چکی کے تیار کردہ آٹے کی قیمت میں 8 روپے اضافہ قیمت 108 روپے سے بڑھ کر 116 روپے ہوگئی، فوری اطلاق

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت میں ایک کلو چکی کے تیار کردہ آٹے کی قیمت میں 8 روپے اضافہ کر دیا گیا جس سے اس کی قیمت 108 روپے سے بڑھ کر 116 روپے ہوگئی۔ آٹا چکی مالکان کے مطابق ایک من گندم کی قیمت 3600 روپے تک پہنچ گئی ہے جس کے باعث چکی کے بقیہ نمبر17 صفحہ 3 پر

ماہرین بڑھانے کیلئے متعلقہ شعبوں میں تحقیق اور جدت اپنانا ہوگی، احسن اقبال

تحقیق کے ذریعے عالمی مارکیٹ کے تقاضوں کے ہم آہنگ چلنا ہوگا

ملک میں مین انویشن کی حوصلہ افزائی کیلئے 10 ارب روپے کا انویشن فنڈ کا آغاز کیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا ہے کہ ماہرین بڑھانے کیلئے متعلقہ شعبوں میں تحقیق اور جدت اپنانا ہوگی، تحقیق کے ذریعے عالمی مارکیٹ کے تقاضوں کے ہم آہنگ چلنا ہوگا، تحقیق کے ذریعے عالمی مارکیٹ کے تقاضوں کے ہم آہنگ چلنا ہو گا۔ وفاقی وزیر نے انوویشن سپورٹ فنڈ کے قیام کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ماہرین بڑھانے کیلئے متعلقہ شعبوں میں تحقیق اور جدت اپنانا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ تحقیق کے ذریعے عالمی مارکیٹ کے تقاضوں کے بقیہ نمبر18 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

سرگودھا کے ٹریفک حادثات میں میاں بیوی اور دوشیزہ سمیت چار افراد جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا کے ٹریفک حادثات میں میاں بیوی اور دوشیزہ سمیت چار افراد جاں بحق اور میاں بقیہ نمبر20 صفحہ 3 پر

خواجہ سعد رفیق نے صحافیوں کو تین گھنٹے تک انتظار کروانے کے بعد پریس کانفرنس منسوخ کر دی

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے و ہوابازی خواجہ سعد رفیق نے صحافیوں کو تین گھنٹے تک انتظار کروانے کے بعد بقیہ نمبر23 صفحہ 3 پر

ملیریا نے پنجے گھاڑ لیئے ملیریا بخار کے مریضوں کی تعداد میں تشویشناک اضافہ

بیلا (آن لائن) ملیریا نے پنجے گھاڑ لیئے ملیریا بخار کے مریضوں کی تعداد میں تشویشناک اضافہ مارکیٹ میں اینٹی ملیر بقیہ نمبر21 صفحہ 3 پر

وزیراعظم کی روسی صدر سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال

سمرقند (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے روس کے صدر ولادی میر پیوٹن سے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات بقیہ نمبر22 صفحہ 3 پر

مخیر حضرات سیلاب زدگان بھائیوں کیلئے میدان آئیں، ممکنہ صدر

صدر عارف علوی کا دورہ نواب شاہ، متاثرہ علاقوں اور متاثرین کیمپوں میں ریلیف کے کاموں کا معائنہ کیا

صدر نے اپنی جانب سے پانچ کروڑ دینے کا اعلان، مخیر حضرات سے سیلاب زدگان کی مدد کے لیے آگے آنے کی اپیل

نواب شاہ (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے بارشوں اور سیلاب کی تباہ کاریوں کے نقصانات پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اپنے طرف سے پانچ کروڑ روپے دینے کا اعلان کرتے ہوئے مخیر حضرات سے اپیل کی ہے کہ سندھ کی بدترین صورتحال اور تباہ حالی کے بعد بحالی کے اقدامات کیلئے آگے آئیں۔ جمعرات کو صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نوابشاہ ایئرپورٹ پہنچے جہاں سے صدر پاکستان نے قافلے کی صورت میں سکرنڈ کے متاثرہ علاقوں کا معائنہ کیا، صدر پاکستان نے افواج پاکستان کے زیر انتظام قائم خیمہ بستیوں کا دورہ کیا اور متاثرین سے ملاقاتیں کیں، صدر مملکت عارف علوی بقیہ نمبر4 صفحہ 3 پر

حکومت کی تمام توجہ بلوچستان میں سیلاب متاثرین کی بحالی پر مرکوز ہے، عبدالواسع

وزیراعظم شہباز شریف اور وفاقی حکومت آخری متاثرہ شخص کو ریلیف ملنے تک چین سے نہیں رہے گے

ملک احتجاجی سیاست کا متحمل نہیں ہوسکتا دنیا کی نظریں بلوچستان سندھ جنوبی پنجاب اور کے پی کے کے متاثرین پر لگی ہوئی ہیں' وفاقی وزیر

لورالائی (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع نے کہا کہ حکومت کی تمام تر توجہ بلوچستان میں سیلاب متاثرین کی مکمل بحالی پر مرکوز ہے، وزیراعظم شہباز شریف اور وفاقی حکومت آخری متاثرہ شخص کو ریلیف ملنے تک چین سے نہیں رہے گے ملک احتجاجی سیاست کا متحمل نہیں ہوسکتا دنیا کی نظریں بلوچستان سندھ جنوبی پنجاب اور کے پی کے کے متاثرین پر لگی ہوئی ہیں جبکہ سابق وزیراعظم ملک میں مہنگائی کے سب سے بڑے ذمہ دار ہیں وہ عوام کو مہنگائی بدامنی دہشت گردی کے خاتمے میں کردار ادا کرنے کے بجائے اپنی کرسی کیلئے بھاگ دوڑ میں مصروف ہیں انہیں اب بھی ریلیف دیا جا رہا ہے قانون سے کوئی بھی شخص بالاتر نہیں ادارے انصاف کے تقاضوں کو پرکھیں ملک سیلاب میں ڈوبا ہوا ہے عوام مدد کی اپیل کر رہے ہیں اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل پاکستان آئے اور اوستہ محمد تک آ پہنچے لیکن عمران خان آج تک بلوچستان کے سیلاب متاثرین کی حالت معلوم بقیہ نمبر5 صفحہ 3 پر

وفاقی محتسب کے حکم پر خاتون فیروزہ بیگم کو پچاس ہزار روپے کا چیک کوئٹہ بھجوا دیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کی رہائشی بیوہ خاتون کو بار بار دفتر کے چکر لگانے کے بعد بھی بیٹی کی میرج گرانٹ نہیں دی گئی، مذکورہ خاتون گزشتہ ساڑھے تین سال سے محکمے میں درخواست دے رہی تھی کہ اس کو بیٹی کی شادی کی مد میں رقم عنایت کی جائے مگر شوہر کے قسمت کہ کوئی شنوائی نہیں ہوئی، بالآخر بیوہ خاتون نے وفاقی محتسب کے ریجنل آفس کوئٹہ بقیہ نمبر26 صفحہ 3 پر

قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی کا وزارت تجارت کا بریفنگ کے کاغذات اجلاس سے قبل فراہم نہ کرنے پر برہمی کا اظہار

ہم آپ کو آخری موقعہ دے رہے ہیں مستقبل میں اس کیخلاف کارروائی کریں گے، اراکین قائمہ کمیٹی کی گفتگو

وزارت غذائی تحفظ سرٹیفائیڈ بیج کی مقدار بڑھانے کیلئے اقدامات کرے، کمیٹی کی متفقہ سفارش

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے تجارت نے وزارت تجارت کا بریفنگ کے کاغذات اجلاس سے قبل فراہم نہ کرنے پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم آپ کو آخری موقعہ دے رہے ہیں مستقبل میں اس کیخلاف کارروائی کریں گے۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی تجارت کا اجلاس رضا ربانی کھر کی زیر صدارت ہوا جس میں چیئرمین کمیٹی نے وزارت تجارت کا بریفنگ کے کاغذات اجلاس سے قبل فراہم نہ کرنے پر اظہار برہمی کیا۔ چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ ہم آپ کو آخری بقیہ نمبر25 صفحہ 3 پر

سیلاب متاثرین کیلئے ایک کروڑ 78 لاکھ ڈالر کی کریڈٹ کارڈز سے ادائیگی نہیں ہوسکی، اسٹیٹ بینک نوٹس لے، ثانیہ نشتر

اوورسیز پاکستانیوں کی جانب سے 1 ارب 90 کروڑ روپے مل چکے ہیں، ایک لاکھ پاکستانیوں نے عطیات جمع کروائے

لاہور (این این آئی) معاون خصوصی وزیراعلیٰ برائے احساس پروگرام سینیٹر ڈاکٹر ثانیہ نشتر نے کہا ہے کہ سیلاب متاثرین کی امداد کیلئے پہلی ٹیلی تھون سے 5 ارب سے زائد اکٹھے ہوئے، دو ارب روپے بحالی کے کاموں کیلئے وقف کیے گئے ہیں۔ اپنے بیان میں ڈاکٹر ثانیہ نشتر نے کہا کہ 29 اگست بقیہ نمبر19 صفحہ 3 پر

سیلاب سے لوگوں کا جو نقصان ہوا ہے وہ بیان سے باہر ہے، رفیق سعد

سندھ اور بلوچستان میں بہت زیادہ تباہی آئی ہے، پاکستان بننے کے بعد ریلوے سسٹم کو کبھی اتنا نقصان نہیں ہوا

ریلوے ٹریک پانی میں ڈوب گیا ہے، ٹریک کا نیچے سے حصہ بہہ گیا ہے اوپر صرف پنجر باقی ہے، پل ٹوٹ گئے ہیں، وفاقی وزیر ریلوے

جیکب آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ سیلاب سے بڑی تباہی آئی ہے لوگوں کا جو نقصان ہوا ہے وہ بیان سے باہر ہے، سندھ اور بلوچستان میں بہت زیادہ تباہی آئی ہے، پاکستان بننے کے بعد ریلوے سسٹم کو کبھی اتنا نقصان نہیں ہوا جتنا کہ ابھی ریلوے سسٹم تباہی کا شکار ہوا ہے، ریلوے ٹریک پانی میں ڈوب گیا ہے، ٹریک کا نیچے سے حصہ بہہ گیا ہے اوپر صرف پنجر باقی ہے، پل ٹوٹ گئے ہیں، میں لائن ون پر کار کو فریٹ آپریشن چلا تو رہے ہیں لیکن اس کو مستقل کرنے میں ایک ہفتہ لگ سکتا ہے، ایم ایل ون میں مسافر آپریشن ابھی بحال ہونے میں وقت لگے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سندھ کے دورے کے بعد بلوچستان روانگی سے قبل جیکب آباد ریلوے اسٹیشن پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر ریلوے نے کہا کہ کوئٹہ کی جو لائن ایم ایل تھری کہلاتی ہے اس کا پل ٹوٹ گیا ہے وہ بہت بڑا مسئلہ بن گیا ہے، اس کے لیے این ایل سی، ریلویز اور صوبائی حکومت ہم سب بقیہ نمبر6 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں سیلابی صورتحال، وبائی امراض شدت اختیار کر گئی

ڈی جی ہیلتھ بلوچستان محکمہ صحت کی جانب سے ہونے والے اقدامات سے مکمل طور پر لاعلم نکلے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں سیلابی صورتحال، وبائی امراض شدت اختیار کر گئی ڈی جی ہیلتھ بلوچستان محکمہ صحت کی جانب سے ہونے والے اقدامات سے مکمل طور پر لاعلم نکلے۔ بلوچستان میں سیلابی صورتحال اور بارشوں کے بعد جہاں وبائی امراض شدت اختیار کر گئی وہی محکمہ صحت کے حکام بھی غفلت کا شکار ہے اس حوالے سے میڈیا نمائندوں نے جب ڈی جی ہیلتھ بلوچستان سے محکمہ صحت کی جانب سے ہونے والے اقدامات سے رابطہ کیا تو وہ مکمل طور پر لاعلم نکلے جبکہ ڈی جی ہیلتھ بلوچستان نے محکمہ صحت کی جانب سے جاری اقدامات اور ریکارڈ فراہم کرنے سے انکار کر دیا اور کہا کہ مجھے پتا نہیں کہ سیلاب بقیہ نمبر24 صفحہ 3 پر

جیکب آباد: وفاقی وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق ریلوے ورکروں سے بات چیت کر رہے ہیں

مہنگائی کے باعث ہر طرف تباہی ہے لوگ بل ادا نہیں کر سکتے، علی زیدی

جیکب آباد سے مچھر تک صرف پانی ہی پانی ہے، کرپٹ ترین ٹولہ 15 سال سے سندھ میں بیٹھا ہوا ہے

سندھ حکومت کو کوئی پیسہ نہیں دے رہا اور یہ ورڈ آف آنر دے رہے ہیں، پریس کانفرنس

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما علی زیدی نے کہا ہے کہ مہنگائی کے باعث ہر طرف تباہی ہے لوگ بل ادا نہیں کر سکتے۔ پی ٹی آئی سندھ کے صدر علی زیدی نے کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ سندھ ڈوب گیا ہے، کئی کلومیٹر تک پانی جمع ہے، پانی کی گہرائی بہت زیادہ تھا۔ انہوں نے کہا کہ مونجو ڈارو میں پانی جمع نہیں ہوا، پورا نکاسی آب کا نظام بہتر تھا، یہ کون لوگ ہے جن کی وجہ سے کرپٹ ٹولہ برسر اقتدار ہے، ان لوگوں نے سندھ میں صرف تباہی مچائی ہے۔ لوگوں بقیہ نمبر29 صفحہ 3 پر

پسند خان بلیدی کو 2 سال کے لئے چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی تعینات

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے پسند خان بلیدی کو 2 سال کے لئے چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی تعینات کر دیا۔ وفاقی حکومت کی جانب سے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے پسند خان بلیدی کو 2 سال کے لئے چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی تعینات کر دیا ہے۔

سی پیک سے نوجوانوں کے لئے ترقی کی نئی راہیں کھلیں گی، لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور

پاک فوج بلوچستان کے پسماندہ علاقوں کی فلاح و بہبود کیلئے دیگر ریاستی اداروں، سول انتظامیہ کی بھرپور معاونت جاری رکھے گی، کمانڈر 12 کور

سی پیک اور دیگر ترقیاتی منصوبے بالعموم بلوچستان اور بالخصوص مکران ڈویژن کے نوجوانوں کے لئے ترقی کی نئی راہیں کھلیں گی

کوئٹہ (این این آئی) کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور نے کہا ہے کہ سی پیک اور دیگر ترقیاتی منصوبے بالعموم بلوچستان اور بالخصوص مکران ڈویژن کے نوجوانوں کے لئے ترقی کی نئی راہیں کھلیں گی، پاک فوج بلوچستان کے پسماندہ علاقوں کی فلاح و بہبود کے لیے دیگر ریاستی اداروں اور سول انتظامیہ کی بھرپور معاونت جاری رکھے گی۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو گوادر کے دورے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور نے گوادر میں تعینات اسپیشل سیکورٹی ڈویژن کا دورہ کیا۔ جہاں جی او سی میجر جنرل عنایت حسین نے کمانڈر 12 پیشہ ورانہ امور، سی پیک سیکورٹی، گوادر اور ساحلی پٹی کے مقامی لوگوں کی فلاح و بہبود کے لئے پاک فوج کی جانب سے کئے گئے متعدد فلاحی منصوبوں کے بارے میں تفصیلی آگاہ بقیہ نمبر8 صفحہ 3 پر

امریکی امداد پاک-امریکہ مضبوط تعلقات کی گہرائی کی عکاس ہے، مسعود خان

بحالی اور تعمیر نو کا عمل مہینوں اور سالوں پر محیط ہوگا، پاکستانی سفیر

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ میں پاکستان کے سفیر مسعود خان نے کہا ہے کہ پاکستان میں سیلاب متاثرین کے لیے بروقت اور فراخدلانہ امریکی امداد دونوں ممالک کے درمیان گہرے تعلقات کی عکاس ہے، پاکستان میں حالیہ سیلاب انتہائی بڑے پیمانے کا ہے، ہم انسانی جانیں بچانے کے ساتھ لاکھوں لوگوں کی مشکلات میں کمی لانے کی بھی کوشش کر رہے ہیں جو ماحولیاتی تباہ کاری کے نتیجے میں شدید اذیت کا سامنا کر رہے ہیں، ہم نے اپنے تمام وسائل بروئے کار لا رہے ہیں تاہم آفت کا بقیہ نمبر27 صفحہ 3 پر

پاکستان کا پھر مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر سخت تشویش کا اظہار

بھارتی افواج نہتے کشمیریوں پر مظالم کے پہاڑ ڈھا رہی ہے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ عاصم افتخار نے ایک بار پھر مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی افواج نہتے کشمیریوں پر مظالم کے پہاڑ ڈھا رہی ہے، جس کی مذمت کرتے ہیں، عالمی برادری مقبوضہ کشمیر میں بھارت کے ہاتھوں انسانی حقوق کی سنگین پامالیوں کو بند کرائے اور خطہ میں دیرپا امن کے قیام کیلئے اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیریوں کی خواہشات کے مطابق مسئلہ کشمیر کو حل کرائے، سیلاب کی تباہ کاریوں کے بقیہ نمبر31 صفحہ 3 پر

سیاسی بلوغت کی فقدان کی وجہ سے آج معاشرہ افراتفری کا شکار ہے، رحیم کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) سابق میئر ناظم کوئٹہ رحیم کاکڑ، میر واعظ کاکڑ، آغا عمر شاہ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، ڈاکٹر منصور کاکڑ ایڈووکیٹ، صادق آغا، نعمت اللہ کاکڑ، ضیاء الحق، عمر فاروق کاکڑ ایڈووکیٹ، ڈاکٹر خوشحال، ڈاکٹر رستم کاکڑ، عبیداللہ کاکڑ، بہول خان کاکڑ نے اپنے مشترکہ اخباری بیان میں بقیہ نمبر30 صفحہ 3 پر

انتہا پسندوں کا سڑک کنارے نماز ادا کرنے والے مسلمانوں پر تشدد

پولیس نے مجرموں کے خلاف کارروائی کے بجائے 17 نمازیوں پر جرمانہ عائد کر دیا

لکھنو (این این آئی) بھارتی ریاست اتر پردیش کے شہر شاہجہان پور میں ہندو دہشت گرد تنظیم دشوا ہندو پریشد (وی ایچ پی) کے کارکنوں نے سڑک کنارے نماز پڑھنے والوں کو شدید تشدد کا نشانہ بنایا اور انہیں کان پکڑ کو معافی مانگنے پر مجبور کیا۔ پولیس نے مجرموں کے خلاف کارروائی کے بجائے 17 نمازیوں پر جرمانہ عائد کر دیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق مغربی بنگال کے کچھ مسلمان بذریعہ بس اجمیر درگاہ جا رہے تھے۔ بس راستے میں شاہجہان پور میں ایک دھابے پر رکی۔ اس دوران بقیہ نمبر28 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: صوبائی وزیر حاجی محمد خان طور اتمانخیل کی قیادت میں لورالائی کے وفد کا چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کے ساتھ گروپ فوٹو

ملک کو دلدل سے نکالنے کے لیے فوری انتخاب کرائے جائیں، عمران خان

مجھے اب خوف ہو رہا ہے کہ ملکی معیشت کو گرنے سے بچانے کا موجودہ حکومت کے پاس کوئی طریقہ نہیں ہے

اگر سیاسی استحکام نہ آیا تو معیشت کو گرنے سے بچانا مشکل ہو جائے گا، انتخابات میں تاخیر کا نقصان ملک کو ہوگا، سابق وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیراعظم اور چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان نے کہا ہے کہ ملک کو دلدل سے نکالنے کیلئے جلد عام انتخابات کرائے جائیں، جس طرح ملکی معیشت تیزی سے نیچے جا رہی ہے، اگر سیاسی استحکام نہ آیا تو معیشت کو گرنے سے بچانا مشکل ہو جائے گا، انتخابات میں تاخیر کا نقصان ملک کو ہوگا۔ عوام سے خطاب کرتے ہوئے عمران خان نے کہا کہ مجھے اب خوف ہو رہا ہے کہ ملکی معیشت کو گرنے سے بچانے کا موجودہ حکومت کے پاس کوئی طریقہ نہیں ہے۔ عمران خان نے کہا کہ میں اپنی قوم کو آگاہ کرنا چاہتا ہوں کہ جس طرح ملکی معیشت تیزی سے نیچے جا رہی ہے، اگر اس ملک بقیہ نمبر9 صفحہ 3 پر

پاک ایران پشین بارڈر مارکیٹ آئندہ ماہ کھل جائے گی، نوید قمر

پٹرولیم اور گیس میں تجارتی حجم بڑھانے کی اشد ضرورت ہے' جس سے باہمی تجارتی حجم کو بڑھانے میں مدد ملے گی

پاکستان فارماسیوٹیکل سیکٹر میں درآمدات بھی جاری ہیں' وفاقی وزیر تجارت

اسلام آباد/کوئٹہ (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت سید نوید قمر نے کہا ہے کہ پاکستان ایران پشین بارڈر مارکیٹ کا آئندہ ماہ افتتاح متوقع ہے جس سے دونوں ممالک کے درمیان آزاد تجارت کے رجحان میں اضافہ ہوگا، پشین بارڈر مارکیٹ مکمل ہو چکی ہے اور اس کا افتتاح ابھی باقی ہے، جبکہ گبد، ردان اور کوک سمیت دیگر تین مارکیٹوں پر کام جلد شروع ہو جائے گا۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو وفاقی وزیر تجارت سید نوید قمر نے ایرانی پارلیمانی وفد جس کی قیادت ممبر اسمبلی Malek Fazeli سے ملاقات کے دوران کی۔ وزیر نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان باہمی تجارت کے حجم کو بڑھانے کے لیے دونوں جانب سے کل 12 بارڈر مارکیٹوں کی تجویز دی گئی ہے جن میں سے 9 کو باہمی طور پر منظور کر لیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بارٹر سسٹم کے تحت ان سرحدی بقیہ نمبر7 صفحہ 3 پر

جیکب آباد میں گیسٹرو کی وباء کے باعث دو بچوں سمیت 3 افراد جاں بحق

جیکب آباد (این این آئی) جیکب آباد میں گیسٹرو کی وباء کے باعث دو بچوں سمیت 3 افراد جاں بحق، بچوں سمیت سینکڑوں افراد جتلا۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں گیسٹرو کی وباء نے شدت اختیار کر لی ہے، گیسٹرو کے باعث 2 بچوں سمیت 3 افراد جاں بحق ہو گئے ہیں، جیکب آ

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

16 ستمبر 2022ء

سیلاب سے 12718 کلومیٹر سڑکوں اور 390 پلوں کو نقصان ہوا

نیشنل فلڈ رسپانس اینڈ کوآرڈینیشن سینٹر (این ایف آر سی) کے مطابق ملک بھر میں سیلاب کی وجہ سے کل 12718 کلومیٹر سڑکوں اور 390 پلوں کو نقصان پہنچا ہے۔ پاک فوج کی سیلاب متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیاں جمعرات کو بھی جاری رہیں، پاک آرمی ایوی ایشن ہیلی کاپٹرز نے ریسکیو کے لیے اب تک 526 پروازیں کیں، گزشتہ 24 گھنٹوں میں 34 افراد کو بچایا گیا، اب تک ہیلی کاپٹرز کے ذریعے 4570 پھنسے افراد کو نکالا جا چکا ہے۔ ہیلی کاپٹرز سے 16.4 ٹن امدادی سامان سیلاب متاثرین تک پہنچایا گیا، ریلیف کیمپس اور امدادی اشیا جمع کرنے کے پوائنٹس مکمل فعال ہیں، ملک بھر میں 147 ریلیف کیمپس اور 284 امدادی اشیا کلیکشن پوائنٹس قائم ہیں۔ سیلاب متاثرین کے لیے امدادی اشیا کو جمع اور آگے تقسیم کیا جا رہا ہے، پاک فضائیہ کی سیلاب متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیاں بھی جاری ہیں، پاک فضائیہ نے 24 گھنٹوں میں 251 پروازیں کر کے 97 افراد کو بچایا۔ پاک فضائیہ نے 3 لاکھ 36 ہزار 799 فوڈ پیکٹ اور 2940.89 ٹن راشن پیکٹ متاثرین میں فراہم کئے، پاک فضائیہ کے میڈیکل کیمپس میں 55 ہزار 389 مریضوں کا علاج بھی کیا جا چکا ہے۔ دوسری جانب سندھ کے مختلف علاقوں میں پاک آرمی کی جانب سے ریسکیو اینڈ ریلیف آپریشن جاری رہا،، پاک فوج کی جانب سے سندھ میں متاثرین کی بستیوں کے بچوں کے لیے عارضی اسکول بھی قائم کر دیے گئے ہیں۔ پاک فوج کے جوان ٹنڈو الہ یار، عمرکوٹ، سانگھڑ، دادو، ٹھٹھہ، بدین اور میرپور خاص میں سیلاب زدگان کے لیے امدادی سرگرمیوں میں مصروف ہیں۔

''باباجی عمران خان کا ایک اور یوٹرن''

نسیم الحق زاہدی

پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان نے حسب معمول ایک بار پھر یوٹرن لیتے ہوئے امریکی سازش کے بیانیہ سے اچانک پلٹا کھا لیا ہے قبل ازیں وہ اپنی حکومت کو گرانے کی سازش کا الزام امریکی حکومت اور پاکستان کی عسکری قیادت پر لگاتے رہے۔ اب گزشتہ 24 گھنٹوں میں نہ صرف امریکی سفارتکاروں سے ملاقاتیں کر رہے ہیں بلکہ چاہتے ہیں کہ موجودہ عسکری قیادت نئی حکومت کے منتخب ہونے تک کام جاری رکھے۔ ایک نجی ٹی وی کو انٹرویو میں عمران خان نے امریکہ مخالف بیانیہ اور اسٹیبلشمنٹ مخالف بیانیہ دونوں سے یوٹرن لے کر سب کو حیران کر دیا ہے۔ وہ اب تک اپنی حکومت کو گرانے کا الزام ایک جانب اسٹیبلشمنٹ پر لگاتے رہے ہیں اور دوسری جانب امریکہ پر۔ اسی بنیاد پر انہوں نے امپورٹڈ حکومت کا نعرہ لگایا تھا۔ کچھ عرصہ سے انہوں نے اپنے جلسوں میں امریکہ پر تنقید بند کر دی تھی۔ اب یوٹرن کے ماسٹر سابق وزیراعظم عمران خان نے ڈنکے کی چوٹ پر اپنے حامیوں کو امپورٹڈ حکومت نامنظور پر نعرے لگوانے والوں کے سامنے نیا یوٹرن لیکر انہیں بھی ششدر کر دیا ہے اور کہا کہ میرا امریکا سے کوئی مسئلہ نہیں۔ واشنگٹن کے ساتھ تعلقات اچھے ہونے چاہئیں۔ امریکا کے ساتھ اچھے تعلقات چاہتا ہوں وغیرہ وغیرہ۔ دوسری جانب شہباز شریف پر تنقید کرتے ہوئے عمران خان کا کہنا تھا کہ 85 سیٹوں والا مفرور کیسے آرمی چیف سلیکٹ کر سکتا ہے؟ یہ لوگ بیرونی سازش کے تحت آئے، اگر یہ ووٹ کے ذریعے مینڈیٹ لیکر آئیں تو سلیکٹ کر سکتے ہیں، نئی حکومت کے منتخب ہونے تک آرمی چیف جنرل قمر باجوہ کو عہدے پر توسیع دی جائے۔ یعنی اب نیوٹرلز' میر جعفر' میر صادق اور بینڈلرز آج دوست بن گئے ہیں انہی کی توسیع کی بات کی جا رہی ہے۔ اس سے قبل ڈی جی آئی ایس پی آر کہہ چکے ہیں کہ موجودہ آرمی چیف توسیع نہیں لیں گے اسلئے اس معاملہ کو سیاسی رنگ نہ دیا جائے۔ آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ 29 نومبر 2022ء کو ریٹائر ہوں گے۔ جبکہ ملک وقوم اور ادارے کا مفاد اسی میں ہے کہ آرمی چیف کی تقرری کا عمل اپنے وقت پر اور قانون وآئین کے مطابق انجام پائے اور اس کو متنازعہ نہ بنایا جائے۔ جو نہ تو فوج کے ادارے کے لئے اچھی بات ہے نہ ہی ملک کے مفاد میں ہے۔ عمران خان نے ایک اور یوٹرن یہ لیا ہے کہ میں الیکشن پر بات کرنے کیلئے تیار ہوں۔ اس سے قبل وہ کہتے تھے کہ ان چوروں اور ڈاکوؤں کے ساتھ کیسے بیٹھوں۔ عمران خان کی منطق کہ موجودہ حکومت نیا آرمی چیف تعینات نہیں کر سکتی، سمجھ سے بالاتر ہے۔ حالانکہ یہ تعیناتی وزیراعظم کا اختیار ہے اور موجودہ حکومت اگر قائم رہتی ہے تو شہباز شریف نیا آرمی چیف تعینات کریں گے اور یہی قانونی اور آئینی پوزیشن ہے۔ یہ ممکن نہیں کہ انہیں کو یہ اختیار دے دیا جائے یا ان کے دوبارہ وزیراعظم بننے تک نئے آرمی چیف کی تعیناتی کو موخر کر دیا جائے۔ 7 مارچ 2022ء تک بقول سابق وزیراعظم عمران خان وہ اور آرمی ایک پیج پر تھے۔ بعدازاں حکومت کے خاتمہ کے بعد انہوں نے ایک اور یوٹرن لیا اور ملکی وقومی سلامتی کے اداروں کے خلاف دشنام طرازی کا سلسلہ شروع کر دیا۔ اب ایک اور یوٹرن لیتے ہوئے کہا کہ جب تک نئے انتخابات نہیں ہو جاتے، موجودہ آرمی چیف ہی اپنے عہدے پر موجود رہیں۔ اب تو عمران خان سازش کرنے والے امریکہ سے بھی دوستی کی پینگیں بڑھا رہے ہیں اور اہم امریکیوں سے چپکے چپکے ملاقاتیں بھی کر رہے ہیں، یہ کیسی سیاست ہے؟۔ رابن رافیل سے ملاقات کے بعد امریکہ کی مداح سرائی میں زمین وآسمان کے قلابے بھی ملائے، مزید ''ٹرمپ نے جو عزت مجھے دی، کسی پاکستانی کے نصیب میں نہ آئی''۔ ماضی میں لیاقت علی خان سے بھٹو، ایوب خان، جنرل ضیاء، مشرف، بے نظیر، نواز شریف درجنوں مثالیں ایسی جہاں امریکہ نے پاکستانی سربراہان کو پذیرائی دی۔ صرف نخطے میں اپنے مقاصد کے حصول تک امریکی دوستی برقرار رہتی ہے۔ عمران خان آپ تو ٹرمپ وامریکی محبت میں کشمیر کا بھی سودا کر آئے۔ پوری قوم جانتی ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا بنی گالہ ملاقات امریکہ، اسٹیبلشمنٹ اور عمران خان کی مکاؤ ہے۔ بلا شبہ رابن رافیل ایک مخصوص ایجنڈا لے کر پاکستان آئی تھیں۔ آرمی چیف کی ایکسٹینشن، امریکہ کے حوالے سے گرگٹ کی طرح رنگ بدلنا، الیکشن کیلئے مخلوط حکومت کو گرانا، سیاسی ابتری، لانگ مارچ کال یقیناً اس کے پیچھے بھی امریکہ کا ہی ہاتھ ہے۔ پی ٹی آئی چیئرمین پر فوری انتخابات کا ایسا جنون سوار ہے کہ وہ کچھ اور سننے کو تیار ہی نہیں۔ اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ سابق وزیراعظم نے پاکستان میں واضح طور پر سیاست میں یوٹرن کو متعارف کروایا اور اس کو ایک کامیاب رہنما کے لیے ضروری قرار دیا۔ عمران خان کے مطابق یوٹرن نہ لینے والا کبھی کامیاب لیڈر نہیں ہوتا — ان کے مطابق ہٹلر اور نپولین یوٹرن نہیں لیا تھا اسی لئے نقصان اٹھایا۔ عمران خان اپنے تین سالہ دور اقتدار میں ایک سے بڑھ کر ایک اصطلاح ایجاد کرتے رہیں، شوشا چھوڑتے رہیں جن کا سلسلہ ہنوز جاری ہے۔، آئی ایس پی آر کے ڈائریکٹر جنرل نے اپنے ادارے کے نیوٹرل ہونے کا اعلان کیا تھا۔ عمران خان یہ قافیہ لے اڑے یہ نہیں جانتے کہ کسی ریاستی محکمے کا سیاسی معاملات میں نیوٹرل بلکہ لاتعلق ہونا کسی کا صوابدیدی فیصلہ نہیں بلکہ دستور کا واضح حکم ہے۔ بے شک عمران خان کا ''absolutly not'' امریکی سازش، امپورٹڈ حکومت، میر جعفر میر صادق اور یکے بعد دیگرے یوٹرن پر یوٹرن کو ان کے ووٹرز میں پذیرائی ملی تو پھر ملکی سالمیت کو بھی داؤ پر لگانے سے باز نہیں آئے۔ یہ کیسی وطن سے محبت ہے اور یہ قوم کی کیسی رہنمائی ہے کہ ملک کے نوجوانوں کے ایک بڑے طبقے کو اپنے سیاسی مفادات کی خاطر اپنی ہی آرمی کے خلاف اکسایا جا رہا ہے۔ جلسوں میں قومی وحدت و پاکستانیت مخالف ذہن سازی کی جا رہی ہے۔ جہاں اپنے مفادات ہوں فوری یوٹرن لے لیا جائے۔ معاف کیجئے گا! یہ بڑے قومی لیڈروں کا طرہ امتیاز نہیں ہے۔

عمران خان کی فوری انتخاب کی ضد

نصرت جاوید

ہفتے کے پانچ دن صبح اُٹھتے ہی اخبارات پر سرسری نگاہ ڈالنے کے بعد اس کالم کے لئے موضوع طے کرنا ممکن ہوتا ہے۔ بدھ کی صبح اس عادت کے ہاتھوں گھر میں آئے اخبارات میں نمایاں ہوئیں سرخیاں دیکھیں تو سر چکرا کر بیٹھ گیا۔ فرض کیا میں کوئی غیر ملکی ہوتا اور چند روز کے لئے پاکستان آ کر اسلام آباد کے کسی ہوٹل میں قیام پذیر ہوتا تو کمرے میں آئے اخبارات پر نگاہ ڈالنے کے بعد احساس ہی نہ ہوتا کہ یہ ملک اپنی تاریخ کے بدترین سیلاب کی زد میں ہے۔ محتاط ترین اندازے بھی مصر ہیں کہ غیر معمولی بارشوں کی وجہ سے کم از کم چار کروڑ افراد براہ راست متاثر ہوئے ہیں۔ ان کے گھر اور فصلیں تباہ ہو گئیں۔ دودھ اور گوشت فراہم کرنے والے جانور پانی میں بہہ چکے ہیں۔ متاثرین کی بے پناہ تعداد ابھی تک خیموں کے بغیر کھلے آسمان تلے خیرات کی صورت ملے رزق کی منتظر ہے۔ حاملہ خواتین کی تعداد بھی پریشان کن ہے۔ بارشوں نے جن دیہاتوں کو تالاب بنایا ہے وہاں سے پانی کی نکاسی کا راستہ نہیں مل رہا۔ حالات یونہی رہے تو وسیع تر رقبوں میں گندم کی کاشت ناممکن ہو جائے گی جو غذائی بحران کو گھمبیر تر بنا سکتی ہے۔ اخبارات کی نمایاں سرخیاں مگر عمران خان صاحب کے بیانات تک محدود ہو چکی ہیں۔ وہ بضد ہیں کہ ملک میں فی الفور نئے انتخابات کا اعلان ہو۔ نظر بظاہر وہ یہ انتخاب محض قومی اسمبلی کے لئے طلب کر رہے ہیں۔ پنجاب، خیبر پختونخواہ، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں ان کی جماعت پہلے ہی سے برسر اقتدار ہے۔ اس کی بدولت محض قومی اسمبلی کے لئے ہوا انتخاب انہیں دو تہائی اکثریت کے ساتھ حکومت میں لوٹنے کی نوید سنا رہا ہے۔ فوری انتخاب کے لئے وہ اس لئے بھی مصر ہیں کہ ''نئے مینڈیٹ'' کے نتیجے میں منتخب ہوا وزیراعظم ہی رواں برس کے نومبر میں آرمی چیف کی تعیناتی کا فیصلہ کرے۔ آصف علی زرداری کو وہ ''سندھ کا سب سے بڑا ڈاکو'' پکارتے ہیں۔ نواز شریف ان کی دانست میں قانون سے بھاگے ''بھگوڑے'' ہیں۔ آئینی اعتبار سے اگرچہ اہم ترین ریاستی ادارے کی سربراہی کا فیصلہ وزیر اعظم کا اختیار تصور ہوتا ہے۔ اس منصب پر ان دنوں شہباز شریف براجمان ہیں۔ خان صاحب مگر اصرار کئے چلے جا رہے ہیں کہ وہ ایسے شخص کو آرمی چیف تعینات کریں گے جو آصف علی زرداری اور نواز شریف کا ''چہیتا'' ہوگا۔ ''میرٹ'' یوں نظر انداز کر دیا جائے گا۔ مجھ جیسے دو ٹکے کے رپورٹر کی دفاعی امور تک رسائی نہیں۔ یہ بات مگر سیاست اور حکومتی معاملات سے قطعی نابلد شخص بھی جانتا ہے کہ ہماری فوج کے چھ سے آٹھ سینئر ترین لیفٹیننٹ جرنیلوں ہی میں سے کسی ایک کو آرمی چیف تعینات کیا جا سکتا ہے۔ پاک آرمی میں اس مقام تک پہنچنے کے لئے کئی چھلنیوں سے گزرنا پڑتا ہے۔ ہمارے ہاں آج تک اس حوالے سے ہوئے فیصلوں پر کبھی سوال نہیں اٹھائے گئے۔ بہت اعتماد سے لہٰذا ہم یہ فرض کر سکتے ہیں کہ ''میرٹ'' کے اعتبار سے مذکورہ مرتبے پر پہنچا ہر افسر مساوی صلاحیتوں کا حامل ہے۔ عمران خان صاحب ''میرٹ'' کا تذکرہ کرتے ہوئے درحقیقت پاک فوج میں ترقیوں کے نظام کو بھی متنازعہ بنا رہے ہیں۔ وہ اگر یہ پیغام نہیں دینا چاہ رہے تو خدارا اس لیفٹیننٹ جنرل کا نام بھی ہم عامیوں کو خود سے مختص جرأت کے ساتھ بتا دیں جو ان کی دانست میں مبینہ طور پر کوئی ''چکر'' چلا کر اس مقام تک پہنچ گیا اور اب آصف علی زرداری اور نواز شریف کا منظور نظر بھی بن چکا ہے۔ اس ضمن میں اپنائی خاموشی تمام امیدواروں کو مشکوک بنائے رکھے گی جس سے گریز لازمی ہے۔

عمران خان صاحب کی فوری انتخاب کی ضد پر غور کرتا ہوں تو میرے ذہن میں بے شمار چہرے ڈرا دینی والی فلم کی طرح ابھرنا شروع ہو جاتے ہیں جن کی بدحالی اور بے بسی روایتی اور سوشل میڈیا پر مستقل نمایاں ہو رہی ہے۔ ایسے افراد کی تعداد اگر واقعتاً 4 کروڑ تک پہنچ چکی ہے تو عمران خان صاحب ان کی بدحالی کو سفاکی سے نظر انداز کرتے ہوئے فوری انتخاب کی بدولت اقتدار میں فی الفور لوٹنے کے خواہاں محسوس ہوں گے۔ ہمیں اس حقیقت کو بھی فراموش نہیں کرنا چاہیے کہ سیلاب زدگان کی اکثریت سندھ اور بلوچستان سے تعلق رکھتی ہے۔ ان دو صوبوں میں ''احساس محرومی'' ہمارے سیاسی بیانیے پر حاوی رہا ہے۔ ان کی آفت کو بھلا کر دو تہائی اکثریت کے ساتھ وزارت عظمیٰ کے منصب پر لوٹنے کی خواہش وہاں کے سیلاب زدگان کو کیا سوچنے کو مجبور کر رہی ہوگی۔ اس کی بابت سوچنے کی کوشش کرتا ہوں تو گھبرا کر توجہ کسی اور جانب موڑنے کی کوشش کرتا ہوں۔

آرمی چیف کی تعیناتی کے حوالے سے ''میرٹ'' کی آصف علی زرداری اور نواز شریف کے ہاتھوں ممکنہ خلاف ورزی کی عمران خان صاحب کی جانب سے مچائی دہائی یہ حقیقت بھی یاد دلاتی ہے کہ 2019ء کے آغاز میں سپریم کورٹ کے دھانسو شمار ہوتے چیف جسٹس جناب آصف سعید کھوسہ نے پارلیمان کو حکم دیا تھا کہ وہ جنرل باجوہ صاحب کی معیاد ملازمت میں توسیع کو واضح انداز میں لکھے قانون کے ذریعے ''باقاعدہ'' بنائے۔ نواز شریف اس وقت تک ''بھگوڑے'' ہو چکے تھے۔ ان کے نام سے منسوب مسلم لیگ نے تاہم مطلوبہ قانون کی منظوری 12 منٹ کی تاریخی عجلت میں ممکن بنائی۔ آصف علی زرداری کی جماعت کا رویہ بھی دوستانہ تھا۔ عمران خان صاحب نے اپنی حکومت کے تیار کردہ قانون کی عاجلانہ منظوری کے لئے مبینہ ''چور اور لٹیروں'' کے ووٹ حاصل کرتے ہوئے ایک لمحے کو بھی جھجک نہیں دکھائی۔ ''توسیع'' ایک حوالے سے پارلیمان کے دونوں ایوانوں سے ''متفقہ طور'' پر عجلت میں منظور ہو گئی تو وزیر اعظم عمران خان نے ''سہولت کار'' جماعتوں کے لئے شکریے کہ دو بول بھی ادا نہیں کئے۔ ایسی بے اعتنائیوں ہی نے بالآخر ان کے سیاسی مخالفین کو مجبور کیا کہ وہ باہمی اختلافات نظر انداز کرتے ہوئے انہیں تحریک عدم اعتماد کے ذریعے رواں برس کے اپریل میں وزارت عظمیٰ کے منصب سے ہٹا دیں۔ بہتر یہی تھا کہ تحریک عدم اعتماد منظور ہو جانے کے بعد نئے انتخابات کا اعلان کر دیا جاتا۔ شہباز شریف صاحب کی قیادت میں قائم ہوئی حکومت مگر ریاست کو دیوالیہ سے بچانے کی تگ ودو میں مصروف ہوگئی۔ اس کی وجہ سے مہنگائی کا جو طوفان اُٹھا ہے وہ موجودہ حکومت کے خلاف نفرت کی آگ بھڑکا رہا ہے۔ عوام میں غیر مقبول ہوئی حکومت کو عمران خان صاحب عوامی جذبات کو مزید بھڑکاتے ہوئے یقیناً گھر بھیج سکتے ہیں۔ آئی ایم ایف کے ساتھ ہوا بندوبست مگر اس کے بعد بھی اپنی جگہ برقرار رہے گا اور 4 کروڑ افراد کی روزمرہ زندگی بحال کرنے کا چیلنج بھی مزید شدت اختیار کرنا شروع ہو جائے گا۔

شکریہ نوائے وقت

بیروزگاری مہنگائی اور سیلاب

اشرف بلوچ

ملت خداداد پاکستان کی چاروں صوبوں میں بے روزگاری کے باعث عوام الناس کا جینا دوبھر ہو گیا خاندان کے چار افراد میں تین بے روزگاری کے شکار دکھائی دیتے ہیں بیروزگاری کے سبب لوگوں میں مختلف امراض پنپنے لگی ہیں خصوصی طور پر ڈیپریشن کے مرض میں مبتلا افراد کی تعداد میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے جو کہ انتہائی خطرناک امر ہے ڈیپریشن کے مرض میں مبتلا افراد اپنی بے چینی کو چھپانے کے لیے اکثر وبیشتر منفی سرگرمیوں میں مبتلا ہو کر مصنوعی طور پر سکون حاصل کرنے کے لیے ادویات یا پھر نشہ آور اشیاء کا استعمال شروع کر دیتے ہیں جو کہ شروع میں ان کو مفت فراہم کی جاتی ہے جیسے جیسے وہ اس کے عادی ہوتے جاتے ہیں ویسے ویسے نشہ آور اشیاء کی فروخت کے عمل میں ملوث دولت کے پجاری انسانیت سے عاری منشیات فروش ان سے پیسوں کی طلب شروع کرتے ہیں منشیات کا عادی شخص اپنی نشے کی طلب کو پورا کرنے کے لیے غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہو کر چوریاں شروع کرتا ہے جو کہ چھوٹی موٹی چوریوں سے بڑھ کر بڑی بڑی وارداتیں کرنا شروع کر دیتا ہے بلکہ اپنی غیر قانونی سرگرمیوں کو سرانجام دینے کے لیے اپنے جیسے دوسرے ساتھیوں کی مدد سے ایک گروہ بنا کر چوریاں اور پھر ڈکیتیاں شروع کر دیتے ہیں اور اکثر وبیشتر ڈکیتیوں کی وارداتوں کے مواقعوں پر مذمت کرنے پر بے گناہ لوگوں کی جانیں ضائع ہونے کے باعث سینکڑوں خاندان متاثر ہو چکی ہیں بیروزگاری کی بڑھتی ہوئی لہر پر قابو پانا اپنی جگہ حکمرانوں کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے ملک میں خود ساختہ مہنگائی میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے جس نے عوام الناس کی جینے کی تمنائیں ختم کر دیں ہیں بیروزگاری اور مہنگائی کی وجہ سے ڈیپریشن کے ساتھ ساتھ لوگ نفسیاتی امراض میں مبتلا ہو چکے ہیں بیروزگاری مہنگائی اور قدرت کی جانب سے طوفانی بارشوں کے باعث اور حکمرانوں کی ناقص پلاننگ کے سبب آنے والے سیلابوں نے ملک کے عوام کی زندگیوں میں مشکلات پیدا کرنے کے علاوہ ملکی معشیت کو تباہی کے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے اکثر وبیشتر یہ باتیں سنائی دیتی ہیں کہ بے موسم اور بے وقت کی بارشیں ہو رہی ہیں کوئی مون سون کے سیزن میں برسنے والی بارشوں کو قدرتی آفات قرار دیتا ہوا دکھائی دیتا ہے کوئی ان بارشوں کو ہماری دانستہ ونادانستہ کی گئی گناہوں اور نافرمانیوں کی سزا قرار دیتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے عذاب قرار دیتا ہوا دکھائی دے رہا ہے ملک بھر خصوصاً بلوچستان میں برسنے والی مون سون کی بارشیں گزرے سالوں کی نسبت اس مون سون میں ہماری توقعات کی نسبت کچھ زیادہ بری ہیں ہمارے بڑے بزرگوں کی زبانی سنتے آ رہے ہیں کہ جب آسمانی تارے مدار سے غائب ہو جاتیں ہیں تو ان کے غائب ہونے کی وجہ سے بارشیں یا پھر ہوائیں چلتی ہیں اسی طرح سے جب مدار سے غائب ہونے والے تارے جب آسمان پر نمودار ہوتے ہیں تب بھی بارشیں یا پھر ہوائیں چلتی ہیں بڑے بزرگوں کے مطابق بارانی زمینداری سے منسوب فصلیں جو کہ موسموں کے حساب سے کاشت کی جاتی تھیں موسم گرما کی فصلیں موسم گرما میں برسنے والی بارشوں کے برسنے کے بعد زمین میں پیدا ہونے والی نمی میں کاشت کی جاتی ہیں اسی طرح موسم سرما میں برسنے والی بارشوں کے بعد زمین میں پیدا ہونے والی نمی اور موسم کی مناسبت سے اجناس کی کاشت کی جاتی ہے بارشوں کا دارومدار آسمانی تاروں کے مدار میں آنے اور غائب ہونے پر ہے اب کے بارے موسم گرما میں سمندری ہوائیں گزرے سالوں کی نسبت کچھ کم چلی ہیں ہواؤں کے نہ چلنے کے باعث بارشیں ہماری توقعات سے کچھ زیادہ بری ہیں مدار سے غائب ہونے والے تاروں کی دوبارہ مدار میں نمودار ہونے کی وجہ سے اس سال تمام نمودار ہونے والے تاروں میں ہواؤں کی بجائے بارشیں ہوئی ہیں ہمارے ملکی اداروں کی اور ہمارے منتخب حکمرانوں کی ناقص پلاننگ بلکہ اداروں کے سربراہان کی عدم دلچسپی کے باعث حالیہ مون سون کے موسم میں برسنے والی بارشوں کے سبب پہاڑی ندی نالوں میں آنے والی طغیانیوں خصوصاً آبی گذرگاہوں کی بندش اور ان میں خودرو جھاڑیوں کے اگنے کی وجہ سے سیلابی ریلے نشیبی علاقوں کی آبادیوں میں داخل ہونے کی وجہ سے بڑے پیمانے پر انسانی جانوں کے ساتھ ساتھ کھیت کھلیانوں کو نقصان پہنچا متعدد انسانی آبادیاں صفحہ ہستی سے مٹ گئے جس کے سبب لاکھوں لوگ بے گھر ہو کر سڑکوں پر آ گئے حالیہ مون سون کی بارشیں قدرت کی جانب سے ہمارے لیے آفت بن کر نہیں آئی بلکہ یہ ہماری کوتاہیوں اور ناقص پلاننگ کے سبب آئی ہیں کیونکہ وقت کے ساتھ ساتھ ہمارے کاشت کاروں نے موسمی طور پر کاشت کی جانے والی اجناس خصوصاً لسبیلہ سمیت بلوچستان میں مونگ کی پھلی جوار اور ندھی تل کی کاشت کو کسی حد تک کاشت کرنا چھوڑ دیا ہے ملکی معیشت میں اضافے کی سبب بننے والی اجناس کپاس اور گندم کی کاشت کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل کرتے ہوئے بارانی طور پر کاشت ہونے والی اجناس کی کاشت کم کر دی ہے اور قدیمی طور پر رائج نہری نظام کو بڑی حد تک ختم کر دیا گیا ہے برساتی (رکھ) نہریں تہس نہس کر دی گئی ہیں کیونکہ کپاس اور گندم کی فصلوں کی کاشت میں مالی طور پر فائدہ ملتا ہے اسی لیے رکھ کی زمین بھی رکھ کو ختم کر کے قابل کاشت زمین میں شامل کیا گیا قدیمی وقتوں سے رائج بارانی نظام کو اپنے طور پر ہم نے ختم تو کر دیا مگر برساتی پانیوں کے ریلے جو کہ صدیوں سے انہیں رکھوں (نہروں) کے ذریعے ہماری زمینوں کو سیراب کرتی آ رہی تھیں وہ مون سون کی برساتوں کے برسنے کی وجہ سے اپنی قدیمی گذرگاہوں سے گزرتی ہوئی ہماری کھیت و کھلیانوں سمیت ان میں تعمیر کیے گئے گھروں کو بھی بہا کر لے گئے اس سے قبل بھی گزرے ہوئے قریبی سالوں میں سیلابی ریلے اسی طرح ہمارے کھیت وکھلیانوں کو بہاتی ہوئی گزری ہیں مگر اس وقت انسانی آبادیاں اب کی نسبت کچھ کم متاثر ہوئی تھیں خدارا اب تو اپنی مس مینجمنٹ کو درست کرتے ہوئے زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے مثبت طریقے سے پلاننگ تشکیل دی جائے جو آگے چل کر نافع بخش ہوں بلکہ قدیمی نہری نظام کو دوبارہ فعال کرتے ہوئے قدیمی رکھوں کو بحال کیا جائے تاکہ برساتی پانیاں اپنی قدیمی گذرگاہوں سے گزرتی ہوئی ہماری زرخیز زمینوں کو سیراب کرنے کے ساتھ تر و تازہ کرنے کے لیے نئی مٹی سے بھر کر کیمیائی کھادوں سے ہونے والی اثرات کو بھی کنٹرول کرنے میں مدد فراہم کر سکیں ہمارے بڑے بزرگوں کے مطابق جب کھیتوں میں برساتی نالوں کے ذریعے برساتی سیلابی پانی بھرا جاتا ہے تو وہ زمین دوبارہ نئی اور تر و تازہ ہو جاتی ہیں مگر آج کل کے جدید زمینداروں نے تو منافع بخش فصلوں کی کاشت کے جنون میں اپنی جدی پشتی طریقہ کاشت کاری کو تہس نہس کر کے رکھ دیا ہے اور اسی کا خمیازہ بھگت رہے ہیں۔

سیاست پر معیشت کو ترجیح کا بیان جاری رہے (آخری قسط)

حامد ولید

حریف کے خلاف عوام کو الزامات رٹوانے پڑ رہے ہیں جس کے لئے چار ماہ کا عرصہ تو کچھ معنی نہیں رکھتا کیونکہ اگر آصف زرداری کو کرپٹ ثابت کرنے کے لئے 90ء کی پوری دہائی لگی تھی تو عمران کو صرف چار ماہ کے عرصے میں کیسے غدار ثابت کیا جا سکتا ہے، خاص طور پر جب کہ ابھی ان کے خلاف عدالتوں اور انٹرنیشنل میڈیا سے اس طرح کی شہادتوں کا انبار بھی نہیں لگا ہے جو آصف زرداری کے خلاف لگ گیا تھا۔

ستم بالائے ستم یہ ہے کہ پنجاب میں نون لیگ کی حکومت بن کر ٹوٹ گئی۔ مسلم لیگ (ن) کے حلقے تکتہ چیں ہیں کہ اس کارخیر میں عدلیہ کا کردار ہے اس صورت حال کا نقصان یہ ہے کہ نون لیگ ملکی معیشت کی بہتری کے فیصلے تو کر سکتی ہے لیکن سیاسی محاذ پر اسے وہ آزادی حاصل نہیں رہی ہے جو پنجاب اور کے پی میں پی ٹی آئی اور قاف لیگ کو حاصل ہو گئی ہے دوسری جانب وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی نے جس طرح آتے ہی رات 9 بجے دکانوں کی بندش کا حکم واپس لیا اس سے وفاقی حکومت کو مہنگی بجلی پیدا کرنے والے پلانٹ چلانا پڑ گئے ہیں جو ایئر کنڈیشنر بند ہو جانے کے باوجود بجلی کے بل نرم نہیں ہونے دیں گے۔ دوسری جانب مہنگائی پر قابو پانے کے لئے بھی پنجاب اور کے پی کی صوبائی حکومتیں متحرک نظر نہیں آ رہی ہیں جس کا سیاسی نقصان بھی وفاق کی پارٹی کو ہی ہوگا۔

ایک طرف شیخ رشید نے نون میں سے شین اور شین میں سے میم نکلنے کا منتر پڑھنا شروع کیا ہوا ہے تو دوسری جانب نون لیگ میں مریم کی ٹیم الگ، شہباز شریف کی ٹیم الگ، حمزہ کی ٹیم الگ اور نواز شریف کی ٹیم الگ ہونے کے تاثر نے کارکنوں کو تقسیم کیا ہوا ہے۔ اس کی ایک مثال مفتاح اسماعیل بمقابلہ اسحاق ڈار ہے کہ ایک شہباز شریف کا وزیر خزانہ ہے تو دوسرا نواز شریف کا وزیر خزانہ ہے۔ یہ تقسیم پارٹی کی ہیئت مجموعی کو متاثر کرنے کا سبب بن رہی ہے۔

ماضی میں مسلم لیگ (ن) کی کامیابی کا تعلق اس کا ترقی کا نعرہ اور معاشی محاذ پر کارکردگی سے رہا ہے اس وقت جبکہ ایک تہائی ملک سیلاب میں ڈوبا ہوا ہے تو ترقی کے منصوبوں کا آغاز کیا جا سکتا ہے جن کی زیادہ گنجائش سندھ اور بلوچستان کے صوبوں میں ہے۔ نون لیگ کو اس کا اعلان کر دینا چاہئے اور ٹینڈروں کے اجراء کا عمل جلد از جلد شروع کرنا چاہئے۔ دوسری جانب آئی ایم ایف پروگرام کی بحالی سے جہاں مزید قرضوں کی گنجائش نکل آئی ہے وہاں پر سیلابی آفت کی وجہ سے بہت سی امداد ملنے کی بھی توقع ہے جسے عوامی فلاح وبہبود پر خرچ کرنے کے ساتھ ساتھ معاشی درستگی پر خرچ کرتے ہوئے مختصر سے درمیانے وقفے کے لئے ملک سے مہنگائی اور مہنگی بجلی سے نجات کے لئے استعمال کرنا چاہئے۔ اس دوران عمران خان کے خلاف عدالتوں کو بھرپور معاونت فراہم کی جائے اور حالات کا تقاضا یہی ہے کہ آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کو کم از کم ایک سال کے لئے توسیع دے دی جائے اور سیاست پر معیشت کو ترجیح کا بیان جاری رہے۔ نون لیگ کی یہی سیاسی طاقت ہے جس سے توجہ نہیں ہٹنی چاہئے!

سیلاب متاثرین کی مدد میں "سرور فاؤنڈیشن" کا ساتھ دیں!!!!!

محمد اکرم چوہدری

رواں سال بارشوں اور سیلاب نے تباہی مچائی ہے۔ دہشت گردوں کے کارروائیوں کے بعد سیلاب نے پاکستان کو سب سے زیادہ نقصان پہنچایا ہے۔ یہ درست ہے کہ ہر لحاظ سے بہت نقصان ہوا ہے لیکن مشکل حالات ہی نئی منزلوں کی طرف لے کر جاتے ہیں، ایسے حالات ہی اصلاح کا موقع فراہم کرتے ہیں۔ جیسا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ کے دوران پاکستان میں قانون نافذ کرنے والے اداروں افواج پاکستان، حساس ادارے، رینجرز، پولیس اور دیگر اداروں نے اپنی صلاحیتوں کو بڑھاتے ہوئے ملک میں پائیدار امن کے لیے کوششیں کیں یہی وجہ ہے کہ آج ملک میں امن بحال ہو چکا ہے اور دہشت گردوں کا خوف ختم ہو چکا ہے۔ سیکیورٹی اینڈ ڈیجی لینس کا نظام پہلے سے بہت بہتر ہے، ڈیجیٹل سیکیورٹی کی وجہ سے شرپسند، مجرمانہ کارروائیوں میں ملوث، دہشت گرد اور ان کے سہولت کار سب کو قابو کیا گیا۔ جوانوں نے قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ ملک کو پرامن بنانے کے لیے دستیاب وسائل سے بھرپور انداز میں فائدہ بھی اٹھایا گیا بالکل اسی طرح آج ہمیں سیلاب کی تباہ کاریوں کے بعد متاثرین کی بحالی جیسے بڑے چیلنج کا سامنا ہے۔ ہم اس تباہی کے بعد اپنے ملک کو سنوار سکتے ہیں، ٹ

شال بقیہ 1

اور جان بحق ہونے والوں کیلئے تعزیت پر صدر شوکت مرزیوف کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے موسمیاتی تبدیلی کی وجہ سے آئے تباہ کن سیلاب کے نتیجے میں انسانی جانوں کے ضیاع، فصلوں، مویشیوں، مکانات اور انفراسٹرکچر کو پہنچنے والی تباہی پر روشنی ڈالی۔ اجلاس میں تفصیلی طور پر دو طرفہ تعاون کا احاطہ کیا گیا جس میں تجارتی و اقتصادی تعلقات، ریلوے، کمیونیکیشن اور بندرگاہوں کے ذریعے علاقائی روابط بڑھانے پر خصوصی توجہ رہی۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے ازبکستان پاکستان ٹرانزٹ ٹریڈ ایگریمنٹ (UPTTA) اور ترجیحی تجارتی معاہدے (PTA) کو مکمل طور پر فعال کرتے ہوئے سیاسی تعلقات، تجارت اور اقتصادی تعاون کو بڑھانے کی اہمیت پر زور دیا۔ وزیر اعظم نے قریبی دفاعی اور سیکورٹی تعاون اور تعلیم، ثقافت اور سیاحت کے شعبوں میں تعاون کو مزید بڑھانے کی ضرورت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ آزادانہ ویزا نظام سے دونوں ممالک کی تاجر برادری دو طرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کو فروغ دے گی۔ وزیر اعظم نے ٹرانس افغان ریلوے منصوبے کی بروقت تکمیل کیلئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا اور افغانستان، پاکستان اور ازبکستان کی تکنیکی ٹیموں کی جانب سے افغانستان کے اندر فیلڈ مہم کی کامیاب تکمیل پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ایک بار مکمل ہونے کے بعد یہ منصوبہ کراچی اور گوادر کی بندرگاہوں کے ذریعے وسط ایشیائی ممالک کو موثر طریقے سے دنیا سے جوڑ دے گا۔ دونوں رہنماؤں نے بین الحکومتی کمیشن کا اجلاس جلد بلانے پر اتفاق کیا تاکہ پاکستان اور ازبکستان کے تعاون کو مزید گہرا اور وسیع کرنے کے لیے مخصوص تجاویز اور منصوبے مرتب کیے جائیں۔ وزیر اعظم نے صدر شوکت مرزیوف کو دورہ پاکستان کی دعوت دی۔ ازبک صدر نے وزیر اعظم کو جلد دورہ ازبکستان کی دعوت دی۔

شال بقیہ 2

اور آواران کے بچے بھی تعلیم حاصل کرکے ڈاکٹر، انجینئر اور فوج سمیت دیگر شعبوں میں جانا چاہتے ہیں اور یہ ہمارا فرض ہے کہ ہم اپنے بچوں کو اعلیٰ تعلیم و تربیت کے مواقع فراہم کریں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بدقسمتی سے گذشتہ 30 سالوں کے دوران ہونے والی انسر جنسی کے منفی اثرات تعلیم سمیت زندگی کے ہر شعبہ پر مرتب ہوئے اور ہم ترقی کے عمل میں 30 سال پیچھے چلے گئے انہوں نے کہا کہ پہاڑوں پر جانے والے بھی ہمارے ہی لوگ ہیں اور دونوں جانب سے جو بھی نقصان ہوتا ہے وہ ہمارا ہی نقصان ہے ہم اس عرصہ میں اپنے بہت سے پیارے لوگوں کو کھو چکے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ امن اور ترقی لازم و ملزوم ہیں اور امن کے راستے پر چل کر ہی ترقی کے اہداف حاصل کئے جاسکتے ہیں جو کچھ ہم کھو چکے ہیں اس کا ازالہ تو ممکن نہیں لیکن دیرپا امن و استحکام کے ذریعے صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جاسکتا ہے ہم سب کو ساتھ لیکر چلنے پر یقین رکھتے ہیں اور ترقی کی منازل کا حصول ہمارا اولین مقصد ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ آواران کیڈٹ کالج سے نہ صرف آواران بلکہ قریبی اضلاع کے نوجوانوں کو بھی بہتر تعلیم کے حصول کے مواقع ملیں گے اور یہاں سے تعلیم حاصل کرنے والے ہمارے بچے ملک اور صوبے کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرسکیں گے انہوں نے کیڈٹ کالج کا منصوبہ دینے پر سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری اور منصوبے کو عملی جامہ پہنانے پر پاک فوج کے سربراہ جنرل قمر جاوید باجوہ اور پاک فوج کا شکریہ ادا کیا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ آواران جیسے دور افتادہ ضلع میں کیڈٹ کالج کا قیام اہم پیشرفت ہے جس پر وہ علاقے کے عوام اور خاص طور سے نوجوانوں کو مبارک باد پیش کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ آج کا دن آواران کی تاریخ کا روشن دن ہے آواران کی نوجوان نسل کو کیڈٹ کالج کے قیام کی صورت میں عظیم تحفہ ملا ہے جو ہمارے علاقے کے نوجوانوں کے روشن مستقبل کی تعمیر کی بنیاد ثابت ہوگا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ آواران میں امن و امان کے قیام کیلئے پاک فوج ایف سی اور لیویز فورس کی خدمات قابل ستائش ہیں ہم امن و استحکام کیلئے جانوں کو نذرانہ پیش کرنے والے سیکورٹی اہلکاروں اور شہریوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں آواران کے عوام اپنی سیکورٹی فورسز کے ساتھ کھڑے ہیں۔

شال بقیہ 3

ہی ناانصافی اور عدم مساوات سے لڑنے کا ایک بہترین ہتھیار ہے، آزادی صحافت اور اظہار رائے کی آزادی پر حملے ہو رہے ہیں، مفاد پرستوں کی جانب sy ڈس انفارمیشن پھیلانا ایک روایت بنتی جا رہی ہے۔ پی پی چیئرمین نے کہا کہ انتشار پھیلانے والے عناصر جمہوری نظام کے لیے ایک بڑا خطرہ ہیں۔ مساوات، اتحاد اور یکجہتی کے جمہوری اصولوں کو مضبوط کرنے کی ضرورت ہے، پیپلز پارٹی ہمیشہ پاکستانی عوام کی جمہوری امنگوں کی تکمیل کی جدوجہد میں سب سے آگے رہی ہے، شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے اپنی جانوں کی قربانی دی ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ ون مین ون ووٹ کا حق وزیر اعظم شہید ذوالفقار علی بھٹو نے متعارف کرایا تھا اور انہوں نے ہی 1973 کے آئین کے ذریعے ہی پاکستان میں کثیر الجہتی جمہوریت کی بنیاد رکھی تھی۔

شال بقیہ 4

کو کشمیر بینظیر آباد نے بارشوں اور سیلاب کی تباہ کاریوں سے متعلق بریفنگ دی۔ اس موقعہ پر پاک فوج کے افسران و ضلعی انتظامیہ کے اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔ صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان عارف علوی نے میڈیا سے گفتگو سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بارشوں اور سیلاب کی تباہ کاریوں کے نقصانات پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مخیر حضرات سے اپیل کی ہے کہ سندھ کی بدترین صورتحال اور تباہ حالی کے بعد بحالی کے اقدامات کیلئے آگے آئیں۔ صدر پاکستان عارف علوی نے اپنی جانب سے 5 کروڑ دینے کا اعلان کیا اور مخیر حضرات سے اپیل کی کہ برسات اور سیلاب زدگان بھائیوں کے لئے میدان میں آئیں اور ایسی آفت کا شکار متاثرین کی بحالی کیلئے عملی کوششوں میں ساتھ دیں انہوں نے کہا ہے کہ سندھ میں بارش و سیلاب کے متاثرہ علاقوں کا خود سروے کر رہا ہوں مجھے شمالی نارورن سندھ کی صورتحال دیکھ کر بہت دکھ ہوا ہے جہاں صرف پانی ہی پانی ہے صدر مملکت نے کہا کہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں پولیس اور فورسز نے سندھ میں تندہی سے کام کیا پولیس اور فورسز نے انسان جانیں بچانے میں کردار ادا کیا جو قابل ستائش ہے بارش اور سیلاب سے نارورن ایریا سندھ اور بلوچستان میں سب سے زیادہ نقصان ہوا ہے انہوں نے کہا کہ سندھ وسطوان سطح پر ہونے کے باعث زیادہ متاثر ہے۔

شال بقیہ 5

کرنے اور انکی مدد کرنے نہیں پہنچے جو کہ اہل بلوچستان کے مصیبت زدہ عوام کے زخموں پر نمک پاشی کے مترادف ہے عمران خان کو چاہیے تھا کہ وہ اپنا قومی کردار ادا کرتے اور سیاست کو ایک سائیڈ پر رکھتے یہ وقت سیاست کا نہیں عوام کی خدمت کا ہے ملک اور عوام رہے گے تو ہم سیاست کر پینگے لیکن وہ ملک میں جلسے کرنے نکل پڑے عوام مہنگائی سے تکلیف میں ہیں اور وہ اپنے جلسے میں خطاب کے دوران بے مقصد لیکچرز سے عوام کی توجہ ملک کے اصل مسائل سے ہٹانے کی کوشش کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ ان کے جلسوں میں عوام کا ہجوم نہ ہونا انکی ناکامی و نااہلی کے ساتھ ساتھ ان پر عدم اعتماد کو بھی ظاہر کرتا ہے انکے پنجاب اور کے پی کے جلسوں میں عوام کم سرکاری ملازمین اور پٹواری اور پیاڑی پر لوگوں کو جلسوں میں کامیابی کیلئے لیا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ ملک میں عام الیکشن سے نہیں بھاگ رہے لیکن اس وقت ملک سیلابی بحران میں گرا ہوا ہے اس صورتحال میں عوام کس طرح الیکشن میں ووٹ ڈال سکیں گے اور سیاسی پارٹیوں کو بھی الیکشن مہم چلانے میں مشکلات پیش آسکتی ہیں جے یو آئی ملک میں آئین کی بالادستی اور جمہوریت کے استحکام کیلئے موجودہ حکومت کا ساتھ دے رہی ہے ملک کی تاریخ جتنی مہنگائی عمرانی دور میں دیکھنی کو ملی وہ تہتر سالوں میں کبھی نہیں دیکھی۔

شال بقیہ 6

ملکر کام کر رہے ہیں اور امید ہے کہ دو سے تین ماہ کے دوران اس کو بحال کیا جائے گا ہماری کوشش جاری ہے جلدی پل بنایا جائے جس کے لیے کراچی کے ایک مشہور ڈیزائنر نے اس کا ڈیزائن مکمل کرلیا ہے چند روز میں این ایل سی اس پل کو بنانے کا کام شروع کرلے گی کیوں وہ ایریا ایسا ہے وہاں ہر کوئی کام نہیں کرتا وہ پل بنانا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیرہ اللہ یار بلوچستان سے ہماری ریلوے لائن جگہ جگہ سے ڈوبی ہوئی ہے اس پانی کو کیسے نکالنا ہے ہم اس پر سوچ رہے ہیں۔

شال بقیہ 7

منڈیوں سے تجارت ہوگی۔ وزیر نے کہا کہ پٹرولیم اور گیس میں تجارتی حجم بڑھانے کی اشد ضرورت ہے جس سے باہمی تجارتی حجم کو بڑھانے میں مدد ملے گی۔ نوید قمر نے کہا، "ہم ایران سے مائع پیٹرولیم گیس (ایل پی جی) درآمد کر رہے ہیں اور اس کی درآمد کو بھی بڑھانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم گوادر کے لیے ایران سے بجلی درآمد کرتے ہیں اور اس میں بھی اضافہ کرنے کی ضرورت ہے۔ وفد نے فارماسیوٹیکل سیکٹر میں باہمی تعاون اور تجارت بڑھانے کی تجویز دی تو وزیر نے کہا کہ پاکستان فارماسیوٹیکل سیکٹر میں درآمدات بھی کر رہا ہے اور برآمدات بھی جاری ہیں۔ انہوں نے یہ تجویز بھی دی کہ اگلے تجارتی وفد میں فارماسیوٹیکل سیکٹر سے تعلق رکھنے والے افراد کو شامل کیا جائے۔

شال بقیہ 8

کیا۔ کمانڈر 12 کور نے علاقے میں دیرپا امن اور خوشحالی کے لئے تمام اسٹیک ہولڈرز کی ہم آہنگی اور انٹیگریشن سیکورٹی ڈویژن کی کارکردگی کو سراہا۔ ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی مجیب الرحمان قمبرانی نے کمانڈر 12 کور سے ملاقات میں گوادر میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور نے کہا کہ گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی، گوادر اسمارٹ سٹی بنانے میں اپنا اہم اور موثر کردار ادا کر رہا ہے۔ سی پیک اور دیگر ترقیاتی منصوبے بالعموم بلوچستان اور بالخصوص مکران ڈویژن کے نوجوانوں کے لئے ترقی کی نئی راہیں کھلیں گی۔ انہوں نے نوجوانوں کے لئے تعلیمی مواقع اور صحت عامہ کے شعبے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے گوادر میں جاری ترقیاتی منصوبوں بشمول پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے منصوبے معینہ مدت میں پورا کرنے کے لئے ہدایات بھی جاری کیں۔ کمانڈر 12 کور نے دورے کے دوران سول انتظامیہ اور دیگر اداروں کے حکام سے بھی تفصیلی ملاقات کی۔ اس موقع پر لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور نے پرامن پاکستان اور خوشحال بلوچستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ پاک فوج بلوچستان کے پسماندہ علاقوں کی فلاح و بہبود کیلئے دیگر ریاستی اداروں اور سول انتظامیہ کی بھرپور معاونت جاری رکھے گی۔

شال بقیہ 9

میں سیاسی استحکام نہ آیا تو مجھے خوف ہے کہ معیشت کو گرنے سے بچانا مشکل ہوجائے گا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اپنی معاشی ٹیم کے ساتھ مل کر معیشت پر متبادل خیال کیا جس میں عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کی طرف سے پاکستان کے لیے جاری کی گئی رپورٹ اور ملکی معیشت پر ورلڈ بینک کے بیان کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے اس بات کا خوف ہے کہ جب تک ملک میں سیاسی استحکام نہیں آتا ملکی معیشت کو بھی مستحکم ہونے تک کوئی نہیں پہنچا سکتا کیونکہ اس وقت موجودہ حکومت کی ساکھ نہ پاکستان کے اندر رہی ہے اور نہ ہی باہر یہاں تک کہ ملک کی فنانشل مارکیٹس میں بھی اس حکومت کی کوئی اہمیت نہیں رہی۔ سابق وزیر اعظم نے کہا کہ موجودہ حکومت نے عوام کو کہا کہ جیسے ہی آئی ایم ایف کا فیصلہ آئے گا تو ایک دم سب کچھ ٹھیک ہوجائے گا اور روپیہ مضبوط ہوجائے گا، مگر حالات قوم کے سامنے ہیں کہ انہوں نے آئی ایم ایف کی تمام شرائط بھی تسلیم کیں جس کے بعد ملک میں تاریخی مہنگائی ہوئی جو پاکستان کی تاریخ میں کبھی نہیں ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ آج بھلے یہ لوگ انتخابات میں تاخیری حربے استعمال کریں مگر اس کا نقصان پاکستان کو ہوگا اور اگر کوئی یہ سمجھتا ہے کہ اس کا نقصان ہمیں ہوگا تو میں آج 70 برس کی عمر میں یہ دعویٰ کرتا ہوں کہ پاکستان کی تاریخ میں کبھی کسی سیاسی جماعت کی اتنی مقبولیت نہیں ہوئی جتنی تحریک انصاف کی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سب لوگ کہہ رہے تھے کہ آئینس ٹائن کے بعد دوسرا شخص شہباز شریف ہے جس کے آنے کے بعد سب کچھ ٹھیک ہوجائے گا اور کہتے ہیں کہ ہمیں تباہ پاکستان ملا مگر جو ہمیں پاکستان ملا وہ بھی سب کو پتا ہے۔ عمران خان نے کہا کہ سب سے بڑا مسئلہ کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ ہے کیونکہ جتنا بیرونی خسارہ بڑھتا جاتا ہے اپنے زرمبادلہ کے ذخائر سے پیسے دینے ہوتے ہیں جس کی وجہ سے زرمبادلہ کے ذخائر کم ہوتے جاتے ہیں جس سے روپے پر اثر پڑنے لگتا ہے اور ڈالر مہنگا ہونے لگتا ہے اور جب ڈالر مہنگا ہوتا ہے تو باہر سے خریدی جانی والی اشیا مہنگی ہوجاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب ہمیں پاکستان ملا تھا اس وقت 20 ارب ڈالر کا بیرونی خسارہ تھا جو پاکستان کی تاریخ کا سب سے زیادہ بیرونی خسارہ تھا جبکہ موجودہ حکومت کو جو بیرونی خسارہ ملا تھا وہ 16 ارب ڈالر تھا، اسی طرح جب انہوں نے عدم اعتماد کی تحریک جمع کروائی تو اس وقت زرمبادلہ کے ذخائر 2.16 ارب ڈالر تھے جبکہ انہوں نے حکومت چھوڑی تھی تو اس وقت زرمبادلہ کے ذخائر 8.9 ارب ڈالر تھے۔

شال بقیہ 10

کا جائزہ لے کر شاندار مستقبل کیلئے لائحہ عمل طے کر سکتے ہیں۔ جمعرات کو عالمی یوم جمہوریت کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ آزادی اظہار رائے، احتسابی عمل اور انسانی حقوق کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے جمہوری نظام ہی واحد راستہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمہوری نظام کے تحت تمام سیاسی جماعتیں ترقی و خوشحالی اور عوامی خدمات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتی ہیں جو کسی بھی ملک کیلئے پائیدار امن اور ترقی کا پیش خیمہ بنتا ہے، جمہوریت قانون کی حکمرانی اور بنیادی انسانی حقوق کا محور ہے، اس دن کو منانے کا مقصد یہی ہے کہ ہم جمہوریت کے فروغ اور بقاء کی خاطر اپنے عزم کی تجدید کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری پارلیمنٹ عوامی رسائی، صنف نازک اور نوجوانوں کو شامل کرنے کے متعدد نقطہ نظر کی وجہ سے کہیں زیادہ وسیع اور واضح ہوچکی ہے، ایوان بالا نے شاندار جمہوریت کی نئی مثالیں قائم کیں۔ انہوں نے کہا کہ جمہوریت کے تسلسل کی علامت کیلئے ایوان بالا نے تعمیری سوچ و فکر کو اجاگر کیا، ایوان بالا قانون سازی اور یکساں عوامی نمائندگی کیلئے ملک کی تمام اکائیوں کی آواز بنا۔ انہوں نے کہا کہ ایوان بالا، صوبوں کے مابین ہم آہنگی کو فروغ دینے اور ملک کی تمام اکائیوں کو مساوی نمائندگی دینے کے توازن کا سنگ میل طے کرچکا ہے جس سے وفاق اور جمہوریت دونوں کو تقویت ملی ہے۔

شال بقیہ 11

من اللہ اور جسٹس ثمن رفعت پر مشتمل بینچ نے عمران خان کے خلاف دہشت گردی کا مقدمہ خارج کرنے کی درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت عدالت نے کہا کہ آئندہ سماعت پر بتائیں کہ مقدمے میں دہشت گردی کی دفعات کیوں لگائی گئیں؟ چیف جسٹس اطہر من اللہ نے ریمارکس دیے کہ خاتون جج کے تحفظ کے لیے ہم یہاں موجود ہیں اور اس معاملے پر باقاعدہ توہین عدالت کی کارروائی چل رہی ہے، عمران خان کی تقریر بہت غلط اور نامناسب الفاظ تھے مگر دہشت گردی کی دفعہ تو نہیں بنتی، دہشت گردی کے جرم کو اتنی چھوٹی سطح پر مت لائیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کو شامل تفتیش ہونے اور تفتیشی افسر کو بتانے کا کہا تھا کہ دہشت گردی کی دفعات بنتی ہیں یا نہیں، کیا درخواست گزار شامل تفتیش ہوا؟ انسپکٹر پراسیکیوٹر راجا رضوان عباسی نے کہا کہ وہ عدالتی حکم کے بعد تاخیر سے گزشتہ روز شامل تفتیش ہوئے ہیں، جے آئی ٹی کا اجلاس ہوتا ہے اس میں وہ ملے کریں گے۔ انہوں نے عدالتی استفسار پر عمران خان کی تقریر کے متنازع جملے بھی پڑھ کر سنائے۔ اس پر چیف جسٹس نے کہا کہ آپ بتائیں کہ اس پر دہشت گردی کی دفعہ کیسے بنتی ہے، کیا ان کی تقریر کے علاوہ کچھ ہے؟ عدالت نے کہا کہ یہ بہت سنجیدہ نوعیت کا الزام ہوتا ہے، سپریم کورٹ کا فیصلہ موجود ہے، دہشت گردی کے جرم کو اتنے چھوٹے لیول پر مت لائیں۔

شال بقیہ 12

بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو، صوبائی وزیر عبدالرشید بلوچ، چیف سیکریٹری عبدالعزیز عقیلی، ایڈیشنل چیف سیکریٹری ترقیات حافظ عبدالباسط، آئی جی پولیس عبدالخالق شیخ اور متعلقہ محکموں کے سیکرٹری کے ہمراہ دو روزہ دورے پر ضلع آوازان پہنچے جہاں وہ جیل جھاؤ میں کیڈٹ کالج کا معائنہ اور تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال اور ٹاؤن میں گرڈ سٹیشن ٹرانسمیشن لائن اور آدم جان لائبریری کا افتتاح کرینگے۔ وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو دو روزہ دورے کے موقع پر جیل جھاؤ کیمپ تا شہید ی روڈ اور 121 شیلٹرلس اسکولوں کی عمارات، 4 آر ایچ سی اور 21 بنیادی مراکز صحت کی سنگ بنیاد رکھیں گے۔ ڈپٹی کمشنر آواران سیلاب سے ہونے والے نقصانات اور امداد و بحالی کی سرگرمیوں پر وزیر اعلیٰ کو بریفنگ دیگے جبکہ دورے کے موقع میر عبدالقدوس بزنجو عوامی وفود سے ملاقاتیں بھی کرینگے۔

شال بقیہ 13

ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سیلاب سے متاثرہ علاقوں بشمول کوئٹہ، پشین، چمن، نوشکی، موسیٰ خیل، ژوب، مستونگ، بولان، سبی، قلات، خضدار، لسبیلہ، آواران، جھل مگسی، جعفر آباد، نصیر آباد، ڈیرہ بگٹی، دالبندین، بارکھان صحبت پور و دیگر علاقوں میں سیلاب متاثرین کی بحالی کا سلسلہ تیزی سے جاری ہیں۔ پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان سیلاب متاثرین کی بحالی کے لیے سول انتظامیہ کی بھرپور مدد کر رہے ہیں۔ سیلاب سے متاثرہ علاقوں کو ہلو، سبی، صحبت پور، جھل مگسی میں 8 ریلیف کیمپس کام کر رہے ہیں جہاں سیلاب متاثرین کو ان کے ریلیف کیمپس اور پناہ گاہوں میں پکا ہوا کھانا اور راشن تقسیم کیا جارہا ہے۔ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں راشن کے پیکٹس ہیلی کاپٹرز کے ذریعے پہنچائے جارہے ہیں۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران خضدار، آواران، جعفر آباد، نصیر آباد، جھل مگسی، بولان، بیلہ، نوشکی، ڈیرہ بگٹی، لسبیلہ اور بارکھان کے ضرورت مند خاندانوں میں 592,2 راشن کے پیکٹس، 600 آٹے کے تھیلے، 150 خوردنی تیل کے کارٹن، 910 پانی جوس اور خشک دودھ کے کارٹن، 720 خیمے، 304 گیس سلینڈر اسٹک علاوہ کچن سیٹ، واٹر کولر، کمبل اور سیلاب متاثرین کو مفت کپڑے بھی فراہم کیے گئے ہیں۔

شال بقیہ 14

کے علاقے جوائنٹ روڈ پر لڑائی جھگڑے کے دوران فائرنگ سے محمد فاروق نامی شخص زخمی ہوگیا۔ پولیس نے زخمی کو فوری طور پر طبی امداد کے لئے ہسپتال منتقل کردیا۔ مزید کاروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 15

گوادر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر کرینگے۔ اجلاس میں مختلف محکموں کے اعلیٰ افسران بطور ممبر شرکت کرینگے۔ اجلاس میں یونیورسٹی کے رواں سال کی مالی اور انتظامی امور زیر بحث لائی جائیں گی اور آئندہ سال 2022۔23 کی مالی اور انتظامی امور کے متعلق اہم فیصلے کیے جائے گے۔

شال بقیہ 16

دبانے پوری کردی ہے کستوتی بہلول میں پینے سے ایک اور خاتون جاں بحق درجنوں لوگ ہیضہ کی بیماری میں مبتلا ہیں علاقے میں مستقل طبی عملہ نہ ہونے کی وجہ سے لوگوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے ہے دکام سے نوٹس لینے کی پرزور اپیل کی جاتی ہے کہ کستوتی مندوخیل علاقہ کو آفت زدہ اور شدید مشکلات سے دوچار علاقوں میں شامل کیا جائے۔

شال بقیہ 17

تیار کردہ آٹے کی فی کلو قیمت میں اضافہ 8 روپے کا اضافہ کیا گیا ہے۔ چکی آٹا کے نئے نرخوں کا فوری طور پر اطلاق ہوگیا ہے۔

شال بقیہ 18

ہم آہنگ چلنا ہوگا، تحقیق کے ذریعے عالمی مارکیٹ کے تقاضوں کے ہم آہنگ چلنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ جدت کسی سماجی معاشی حالات، انتظامی نظام، ثقافت اور آگے بڑھانے والے وسیع البنیاد عوامل سے جڑی ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں این انویشن کی حوصلہ افزائی کیلئے 10 ارب روپے کا انویشن فنڈ کا آغاز کیا ہے، کوئی وجہ نہیں ہے کہ ہم دنیا میں انویشن لیڈر نہ بن سکیں۔ ہمیں اپنے فیشنس کو بڑھانا ہوگا۔

شال بقیہ 19

سے اب تک ٹیلی تھون کے ذریعے 38 لاکھ ڈالر سے زائد کریڈٹ کارڈز کے ذریعے موصول ہوئے۔ ایک کروڑ 78 لاکھ ڈالر کی کریڈٹ کارڈز سے ادائیگی نہیں ہوسکی، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو اس معاملے کا نوٹس لینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اوورسیز پاکستانیوں کی جانب سے 1 ارب 90 کروڑ روپے مل چکے ہیں، پاکستان سمیت دنیا بھر سے تقریباً 1 لاکھ پاکستانیوں نے عطیات جمع کروائے۔

شال بقیہ 20

بیوی، باپ بیٹا چار افراد شدید زخمی ہوگئے جن کو ہسپتال منتقل کرکے متوفین کی نعشیں ضروری کاروائی کے بعد ورثاء کے سپرد کرتے ہوئے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا میانوالی روڈ پر حذالی پکی پل کیقریب تیز رفتار ڈمپر کے چشمہ سے واپس جانے والی فیملی کی کار کو کچل دیا جس کے نتیجہ میں کار سوار جڑانوالہ کے میاں بیوی 73 سالہ ضیاء اللہ گیلانی انکی بیوی 66 سالہ فرخندہ جبین، فیصل آباد کا کار ڈرائیور 29 سالہ عاقب جاں بحق اور متوفی ضیاء اللہ گیلانی کا بیٹا 29 سالہ شاہ زیب اکوان اور انکی اہلیہ ضیاء اللہ گیلانی کی بہو 25 سالہ رحمین فاطمہ شدید زخمی ہوگئے۔

شال بقیہ 21

یل (انسداد ملیریا) کی ادویات نا پید سرکاری اسپتالوں اور نجی کلینکس میں مریضوں کا رش تفصیل کے مطابق بیلا شہر اور اس کے مضافات میں مچھروں کی بہتات سے ملیریا بخار نے پنجے گاڑ دیئے ہیں ملیریا بخار میں مبتلا مریضوں کی بڑھتی ہوئی تعداد 70 فیصد تک بتلائی جارہی ہے زریع کا کہنا ہے کہ مارکیٹ میں میڈیکل اسٹورز پر اینٹی ملیریل ادویات بھی ناپید ہیں جس کے باعث ملیریا بخار کو قابو پانے میں دشواریاں لاحق ہیں شہر کے متعدد میڈیکل اسٹورز مالکان کا کہنا ہے کہ اینٹی ملیریل دوائیں بین الاقوامی شہر کراچی میں بھی نہیں مل رہی ہیں ۔ مختلف دوا ساز کمپنیوں کو پیشگی رقم ادا کی جاچکی ہے ۔ لیکن پھر بھی مطلوبہ ادویات نہیں مل رہی ہیں۔

شال بقیہ 22

سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات مریم اورنگزیب کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف نے روس کے صدر ولادی میر پیوٹن سے ملاقات کی وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات مریم اورنگزیب نے دونوں رہنماؤں کے درمیان ملاقات کی تصاویر سوشل میڈیا پلیٹ فارم "ٹوئٹر" پر شیئر کر دیں۔ واضح رہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف ایس سی او سٹ میں شرکت کے لئے ازبکستان کے دورہ پر ہیں۔

شال بقیہ 23

پریس کانفرنس منسوخ کردی۔ تفصیلات کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنماء وفاقی وزیر ریلوے و ہوابازی خواجہ سعد رفیق نے جمعرات کو ریلوے اسٹیشن کوئٹہ پر پریس کانفرنس کے لئے پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا کو دعوت نامہ بھجوایا تاہم ریلوے اسٹیشن پر صحافیوں کو بتایا گیا کہ خواجہ سعد رفیق ہرک کا دورہ کرکے کوئٹہ پہنچ رہے ہیں بعد میں بتایا گیا کہ وہ ہوٹل سے فرش ہوکر آکر آرہے اس دوران پریس کانفرنس چھوڑ کر جانے والے صحافیوں کو ریلوے حکام بار بار تسلی دیکر مناتے رہے تاہم تین گھنٹے انتظار کروانے کے بعد ریلوے حکام کی جانب سے بتایا گیا کہ خواجہ سعد رفیق کی جانب سے پریس کانفرنس منسوخ کردی گئی ہے۔

شال بقیہ 24

سے متاثرہ علاقوں میں کہاں کہاں غنی ٹیمیں کام کررہی ہے، میرے کوئی معلومات نہیں لہذا میڈیا نمائندگان کسی اور سے رابطہ کریں، مزید تفصیلات پوچھنے پر ڈی جی ہیلتھ برہم ہوگئے سیلاب متاثرہ اضلاع میں صحت کی بنیادی سہولیات کا فقدان ڈی جی ہیلتھ بلوچستان نے موقف دینے سے انکار کردیا۔

شال بقیہ 25

موقعہ دے رہے ہیں مستقبل میں اس کیخلاف کارروائی کریں گے۔ حکام وزارت غذائی تحفظ نے کہا کہ وزارت غذائی تحفظ نے اس دفعہ تین ہزار روپے من سے زائد رکھنے کی تجویز دی ہے۔ حکام نے بتایا کہ اس سال کسان کو 3200 روپے امدادی قیمت مقرر کرنے کی تجویز دی، گندم کی امدادی قیمت عالمی مارکیٹ کے ریٹ کے مطابق رکھنے کی تجویز دی۔ حکام نے بتایا کہ کھاد بہت مہنگی ہوگئی اس لیے امدادی قیمت کو بڑھانے کی سفارش کی۔ چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ گندم کی امدادی قیمت کا جلد اعلان کیا جائے گا، جلد اعلان ہونے سے گندم کی پیداوار بڑھے گی۔ ایڈیشنل سیکریٹری وزارت غذائی تحفظ نے کہا کہ ہمیں گندم کی امدادی قیمت مقرر کرنے میں صوبوں کی منظوری درکار ہوتی ہے، صوبوں نے فی الحال ہمیں اطلاع نہیں دی، چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ آپ نے صوبوں کے ساتھ آخری اجلاس کب منعقد کیا تھا، صوبائی نمائندوں میں سے کون کون آیا ہے۔ نمائندہ خیبر پختونخوا نے کہا کہ خیبر پختونخوا نے گندم کی تین ہزار روپے فی من امدادی قیمت مقرر کرنے کی منظوری دی ہے۔

شال بقیہ 26

میں درخواست دائر کی، درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کے حکم پر عملے نے کارروائی کا آغاز کیا اور کارروائی کے بعد یہ بات سامنے آئی کہ بیوہ خاتون حقیقی طور پر میرج گرانٹ کی رقم سے آج دن تک محروم ہے، وفاقی محتسب نے فوری طور پر محکمہ کو احکامات جاری کئے کہ بیوہ خاتون کو میرج گرانٹ کی رقم ادا کی جائے، وفاقی محتسب کے احکامات کے بعد محکمہ نے پچاس ہزار روپے کا چیک خاتون فیروزہ بیگم کو کوئٹہ بھجوا دیا، رقم موصول ہوتے ہی مذکورہ خاتون وفاقی محتسب کے ریجنل آفس کوئٹہ تشریف لائیں۔ اور وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

شال بقیہ 27

پیمانہ اس قدر وسیع ہے کہ کوئی بھی حکومت اس سے تنہا نہیں نمٹ سکتی، بحالی اور تعمیر نو کا عمل مہینوں اور سالوں پر محیط ہوگا ان خیالات کا اظہار سفیر پاکستان مسعود خان نے امریکی محکمہ خارجہ، یو ایس ایجنسی فار انٹرنیشنل ڈویلپمنٹ، سینٹر فار ڈیزیز کنٹرول، یو ایس ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ اینڈ ہیومن سروسز اور فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن کے ایک اعلیٰ سطحی وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔ مسعود خان نے حالیہ سیلاب کے دوران بروقت ردعمل پر امریکی حکومت، کانگریس، کارپوریٹ سیکٹر، انسان دوست اور مخیر تنظیموں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے دوست ممالک اور بین الاقوامی برادری سے بحالی اور تعمیر نو کے عمل کے دوران مسلسل تعاون جاری رکھنے کی اپیل کا اعادہ کیا۔ سفیر پاکستان نے حال ہی میں منعقدہ پاک امریکہ ہیلتھ ڈائیلاگ کو کام

محکمہ تعلیم میں کھلے عام نان ٹیچنگ آسامیوں پر میرٹ کی دھجیاں بکھیری جارہی ہیں، شاہینہ کاکڑ

محکمہ تعلیم میں نان ٹیچنگ کی خالی آسامیوں پر میرٹ کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اقربا پروری کے تحت امیدواروں کی حق تلفی کی گئی ہے، رکن صوبائی اسمبلی

میرٹ کے دعویداروں کے ناک کے نیچے یہ سلسلہ افسوسناک ہے جس کی وجہ سے اہل امیدواروں کی حق تلفی ہورہی ہے

پشین (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی نائب صدر اور رکن صوبائی اسمبلی شاہینہ کاکڑ نے کہا ہے کہ محکمہ تعلیم میں نان ٹیچنگ کی خالی آسامیوں پر میرٹ کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اقربا پروری کے تحت امیدواروں کی حق تلفی کی گئی ہے، یہاں پشین میں صحافیوں سے بات چیت کے دوران عوامی نیشنل پارٹی کے ایم پی اے شاہینہ کاکڑ نے محکمہ تعلیم کے نان ٹیچنگ آسامیوں پر اقربا پروری کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ تعلیم میں کھلے عام نان ٹیچنگ آسامیوں پر میرٹ کی دھجیاں بکھیری جارہی ہے میرٹ کے دعویداروں کے ناک کے نیچے یہ سلسلہ افسوسناک ہے جس کی وجہ سے اہل امیدواروں کی حق تلفی ہورہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے بارہا مطالبہ کیا کہ محکمہ تعلیم کی خالی آسامیوں پر میرٹ کے بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

گوادر ڈپٹی کمشنر گوادر عزت نزیر بلوچ یونیورسٹی آف گوادر میں تدریسی عمل کا جائزہ لے رہے ہیں

سیلاب سے کوئٹہ زیادہ متاثر ہوا ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

گنجان آبادی کے باعث اکثر گھر بہہ گئے، بہت سارے پل ٹوٹ چکے ہیں

صحیح تباہی کی رپورٹ اب تک سامنے نہیں آئی ہے، امیر جمعیت علماء اسلام

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا سلیم اللہ علوزئی نے این اے 264 کے یونٹوں کے امراء ونظماء کے نمائندہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ این اے 264 میں زیادہ تباہی ہوئی ہے، متاثرین کی صحیح معنوں میں دادرسی کیلئے جمعیت علماء اسلام ہر فورم پر آواز بلند کرے گی۔ علاوہ ازیں جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی مجلس عاملہ کے دو اہم دو نشستوں پر مشتمل اجلاس زیر صدارت ضلعی بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

لیڈا ایمپلائز یونین حب کے انتخابات میں افسران کی مداخلت تسلیم نہیں، بلوچستان لیبر فیڈریشن

افسران کی ملازمین کو دھونس اور اثر ورسوخ استعمال کرنا غیر قانونی عمل ہے، خان زمان

کوئٹہ حب (این این آئی) بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان چیئرمین حاجی بشیر احمد قاسم خان عابد بٹ حاجی عبدالعزیز شاہوانی عبدالمعروف آزاد نور الدین بگٹی عبدالستار لاہی محمد رفیق بندیجہ نے بیان میں لیڈا ایمپلائز یونین حب کے دو سالہ انتخابات میں محکمہ کے افسران کی جانب سے ایک گروپ کو سپورٹ کرنے کیلئے اثر رسوخ استعمال کرنے کے عمل کو لیبر قوانین کی خلاف ورزی قرار دیا ہے انہوں نے کہا کہ لیڈا ایمپلائز یونین حب کا الیکشن شفاف طریقے بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

اس وقت ضلع نصیر آباد سیلاب سے بری طرح متاثر ہے، ڈپٹی کمشنر عائشہ زہری

طبی امداد کی فراہمی کے لیے پنجاب حکومت بھی اپنی خدمات سرانجام دے رہی ہے

نصیر آباد (خ ن) بلوچستان میں سیلاب متاثرین کو طبی امداد کی فراہمی کے لیے پنجاب حکومت بھی اپنی خدمات سرانجام دے رہی ہے جدید سہولیات سے آراستہ موبائل وین ڈاکٹرز و دیگر ٹیکنیکل اسٹاف کے ہمراہ نصیر آباد پہنچ گئی ڈپٹی کمشنر نصیر آباد عائشہ زہری نے عوام کو دی جانے والی طبی سہولیات کے متعلق آگاہی حاصل کی گورنمنٹ آف بلوچستان کے درخواست پر حکومت پنجاب کی طرف سے بھیجے گئے عارضی ہسپتال نصیر آباد پہنچ گئی ہسپتال میں عوام کو سہولیات ملنے پر اظہار اطمینان بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

ایسا لگتا ہے آرمی چیف کی تعیناتی ہی پاکستان کا سب سے بڑا مسئلہ ہے، شیخ رشید

ایم کیو ایم اپنے کارکنوں کی لاشیں ملنے کے باوجود حکمرانوں کی سیاسی لاش کے ساتھ کھڑی ہے، سابق وزیر داخلہ

صدر سیاسی مفاہمت کراتے ہیں یا ڈی چوک پر فیصلہ ہونا ہے، سیلاب زدگان کی مدد نہیں بلکہ صرف فوٹوز کھچوائی جارہی ہیں

لاہور (این این آئی) سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ وزیر اعظم فیول ایڈجسٹمنٹ معاف کرتا ہے اور وزیر توانائی موخر کر دیتا ہے، ایم کیو ایم اپنے کارکنوں کی لاشیں ملنے کے باوجود حکمرانوں کی سیاسی لاش کے ساتھ کھڑی ہے۔ ٹوئٹر پر جاری اپنے بیان میں شیخ رشید نے کہا کہ صدر سیاسی مفاہمت کراتے ہیں یا ڈی چوک پر فیصلہ ہونا ہے۔ سیلاب زدگان کی مدد نہیں بلکہ صرف فوٹو زکھچوائی جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گردشی قرضہ 23 کھرب روپے ہوگیا ہے۔ لاپتہ شہری کی بازیابی ہو یا چینا ڈول گولی کی دستیابی ہائیکورٹ سے ملتی ہے۔ اقوام متحدہ کی 160 ملین کی امداد اونٹ کے منہ میں زیرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسا دکھائی دیتا ہے کہ آرمی چیف کی تعیناتی ہی پاکستان کا سب سے بڑا مسئلہ ہے۔ مذہبی منافر بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور دورہ گوادر کے موقع پر کھیلاڑیوں سے بات چیت کر رہے ہیں

متاثرین کی بحالی میری اولین ترجیحات میں شامل ہے، جمیل احمد بلوچ

سب سے پہلے سٹی صحبت پور سے ہنگامی بنیادوں پر پانی نکال رہے ہیں

مانجھی پور (نامہ نگار) سیلاب متاثرین کی بحالی میری اولین ترجیحات میں شامل ہے ان کو بحال کرنے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے سب سے پہلے سٹی صحبت پور سے ہنگامی بنیادوں پر پانی نکال رہے ہیں اور ان سیلاب متاثرین کے لئے جگہ کا تعین کر کے خیمہ کی بستی کا انعقاد کر رہے ہیں تا کہ تمام دوست خالی ہو اور ان کو تمام تر سہولیات فراہم کریں کے مسائل زیادہ ہیں اور وسائل کم ہیں اس مشکل گھڑی میں اگر باہر سے ڈونر اور این جی اوز آجائے تو متاثرین کی بحالی بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

نصیب اللہ ولد غلام محمد قوم محمد حسنی کے ہاتھ میں ہینڈ گرنیڈ پھٹنے سے ہلاک ہوگئے

منگچر (نامہ نگار) تحصیل منگچر ایریا میں ایک دکان کے سامنے نصیب اللہ ولد غلام محمد قوم محمد حسنی کے ہاتھ میں ہینڈ گرنیڈ (دستی بم) پھٹ گیا جس سے وہ موقع پر ہلاک ہوا موبینہ طور پر ہلاک ہونے والے کا دماغی توازن خراب تھا دھماکے بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

حکومت بلوچستان محکمہ خزانے کے ایک اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان محکمہ خزانے کے ایک اعلامیہ کے مطابق عوامی خدمات کی تناظر میں فوری طور پر احمد جان ٹی اینڈ اے (B-17) کا ضلع موسیٰ خیل سے خالی آسامی پر تبادلہ کر کے ڈسٹرکٹ اکاونٹ آفیسر کی تعینات کیا اور محمد فاروق ٹی اینڈ اے (B-17) کا بارکھان سے خالی آسامی پر تبادلہ کر کے ڈسٹرکٹ اکاونٹ آفیسر موسیٰ خیل تعینات کیا گیا۔

حکومت لاپتہ طالبعلموں کی جلد از بازیابی کے لئے اپنا کردار ادا کرے، آصف بلوچ

تعلیمی اداروں میں طلباء سیاست پر قدغن عائد کرنے کے لئے مختلف ہتھکنڈے استعمال کئے جارہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی مختلف طلباء تنظیموں کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ تعلیمی اداروں میں طلباء سیاست پر قدغن عائد کرنے کے لئے مختلف ہتھکنڈے استعمال کئے جارہے ہیں، ایگریکلچرل کالج کوئٹہ میں گزشتہ ڈیڑھ سال سے داخلوں کا تسلسل بغیر کسی جواز کے روکنا طلباء کی حق تلفی اور انکے تعلیمی کیریئر کی راہ میں رکاوٹیں ڈالنے کے مترادف ہے، حکومت لاپتہ طالبعلموں کی جلد از بازیابی کے لئے اپنا کردار ادا کرے، اگر ایک ہفتے کے اندر ایگریکلچرل کالج کوئٹہ میں بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

کراچی، سترہ سال بعد ٹی 20 سیریز کھیلنے پاکستان انیوالی انگلینڈ ٹیم مصباح الحق ہوٹل آرہی ہے

جمیعت علماء اسلام ضلع لسبیلہ انکی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، غلام قادر قاسمی

اوتھل (نامہ نگار) جمیعت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی نائب امیر و امیر جمیعت علماء اسلام ضلع لسبیلہ مولانا غلام قادر قاسمی، ضلعی جنرل سیکریٹری مولانا یعقوب ساسولی، ضلعی ڈپٹی سیکریٹری جنرل مولانا شاہ محمد صدیقی، مولانا بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

53 تجربہ کار ملازمین کی برطرفی 53 خاندانوں کا معاشی قتل ہے، سلطان جان حمزہ زئی

لورالائی (این این آئی) آل پارٹیز ضلع لورالائی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ نے کہا کہ لورالائی میں PPHI کے 53 تجربہ کار ملازمین کی برطرفی 53 خاندانوں کا معاشی قتل ہے۔ یہ بات جمیعت علماء اسلام ضلع لورالائی کے نگران ضلعی امیر مولوی سلطان جان حمزہ زئی، پاکستان پیپلز پارٹی ڈویژن کے کوارڈینیٹر وسابق چیئرمین ضلع کونسل شمس حمزہ زئی، این ڈی بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی ایک قانونی اور آئینی ادارہ ہے، میر ظفر علی رند

اسکا اپنا ایک تقدس ہے جس کے تقدس وشعوری اور لاشعوری طور پر پامال کیا جارہا ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی وایم پی اے ہاسٹل اسٹاف ویلفیئر ایسوسی ایشن کے صدر میر ظفر علی رند نے کہا ہے کہ بلوچستان اسمبلی ایک قانونی اور آئینی ادارہ ہے اسکا اپنا ایک تقدس ہے جس کے تقدس وشعوری اور لاشعوری طور پر پامال کیا جارہا ہے، تمام اداروں کے ملازمین کیلئے ہاوسنگ اسکیم ہے مگر ہمیں صرف تسلی دی جارہی ہے صوبے میں اپیکر ڈپٹی اسپیکر اور سیکرٹری اسمبلی کے لئے ایک سرکاری گھر تک نہیں ہے، بلوچستان میں کوئی اپوزیشن ہے ہی نہیں بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

متاثرین کو طبی سہولیات کی فراہمی کے لئے فری میڈیکل موبائل کیمپ کا انعقاد

متاثرین کو علاج کے بہترین سہولیات کی فراہمی کے لئے کوشاں ہیں، منصور احمد قاضی

بختیار آباد (نمائندہ شال) محکمہ صحت کے زیر اہتمام متاثرین کو طبی سہولیات کی فراہمی کے لئے فری میڈیکل موبائل کیمپ کا انعقاد، حکومت پنجاب کے تعاون سے فری میڈیکل موبائل کیمپ میں ماہر ڈاکٹروں کی ٹیم نے سینکڑوں مریضوں کا مفت چیک اپ کیا، ڈپٹی کمشنر منصور احمد قاضی، ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ ڈویژن بی کا فری میڈیکل موبائل کیمپ بختیار آباد کا دورہ، متاثرین کو صحت کے سہولیات کی فراہمی کے لئے کوشاں ہیں، ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ بی ڈویژن بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

لاہور، سیدپور کے رہائشی اپنے مطالبات میں احتجاج کر رہے ہیں

لسبیلہ میں کئی صحافیوں کے گھر منہدم ہوکر زمین بوس ہوگئے

اوتھل (نامہ نگار) لسبیلہ میں سیلاب سے متاثرہ صحافیوں کے گھر بنانے کے لیے وفاقی حکومت اور صوبائی حکومت فوری اقدامات کر کے ان کے لیے پیکج کا اعلان کرے، تفصیلات کے مطابق حالیہ سیلاب سے لسبیلہ میں جہاں کئی لوگوں کے گھر سیلاب برد ہوئے وہاں لسبیلہ میں خاص کر لسبیلہ میں کئی صحافیوں کے گھر منہدم ہوکر زمین بوس ہوگئے۔ اور گھریلو استعمال کی ضروری بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

مانجھی پور وضلع صحبت پور میں وبائی امراض پھوٹ پڑے

غذائی قلت کے سامنا اور ساتھ میں دوائیوں کی قلت

مانجھی پور (این این آئی) مانجھی پور وضلع صحبت پور میں وبائی امراض پھوٹ پڑے غذائی قلت کے سامنا اور ساتھ میں دوائیوں کی قلت۔ سرکاری سطح پر ضلع صحبت پور کیلئے کچھ بھی نہیں ضلع صحبت پور کا ایم پی اے بھی مفلوج ہو کر رہ گئی صوبائی حکومت کی جانب سے ضلع صحبت پور نظر انداز۔ سیلاب متاثرین میں نہ راشن نہ ٹینٹ کھلے آسمان تلے بیٹھے ہیں کوئی پرسان حال نہیں سینکڑوں کی تعداد لوگ ملیریا و ٹائیفائیڈ کی مریض بن گئے آج مانجھی پور میں 10 سالہ بچی علاج نہ ہونے بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

سیلاب متاثرین کی بحالی کے لئے بلدیاتی نمائندوں کو فنڈز جاری کیا جائے، محمد اسلم لہڑی

کئی روز گزرنے کی بعد بھی درجنوں خاندان کھلے آسمان تلے زندگی بسر کرنے پر مجبور ہیں

قلات (این این آئی) سیلاب متاثرین کی بحالی کے لئے بلدیاتی نمائندوں کو فنڈز جاری کیا جائے دیہی علاقوں میں ابتر جنسی حالات ہے انتظامیہ بندر بانٹ اور سیاسی جماعتیں اقربا پروری کر رہے ہیں عوام کھلے آسمان تلے زندگی بسر کرنے پر مجبور ہیں ان خیالات کا اظہار جمیعت علماء اسلام جوہان ترک کے کونسلر وڈیرہ محمد اسلم لہڑی کونسلر تحت نکری عبدالکریم لہڑی کونسلر مولا بخش بنگلزئی نے اپنے مشترکہ جاری کردہ بیان میں کیا ہے۔ انہوں نیکہا کہ حالیہ سیلاب سے شہری آبادی سے بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

نئی قیمتوں کا باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا جائے گا، عبدالحمید زہری

انجمن تاجران اور ڈیلروں کے مشاورت سے نئے نرخ نامہ جاری کیا جائیگا

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر عبدالحمید زہری کے خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر شہزاد علی زہری کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں آٹا ڈیلر انجمن تاجران نے شرکت کی۔ اجلاس میں آٹیا اور دیگر خوردنی اشیاء کے قیمتوں پر بحث کی گئی اور فیصلہ کیا گیا کہ انجمن تاجران اور ڈیلروں کے مشاورت سے نئے نرخ نامہ جاری کیا جائیگا۔ اجلاس میں ضلع بھر کیلئے از سر نو اشیائے خورد ونوش کی نئی قیمتوں کا تعین کیا گیا اجلاس میں متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر میں بھرپور انداز میں فورم کی فعالیت میں اہم کردار ادا کریں گے

خاران (نمائندہ خصوصی) رائٹرز فورم بلوچستان نے جلال شاہ اخوندزادہ کو صوبائی صدر، خلیل عالم کبدانی کو صوبائی جنرل سکریٹری منتخب کیا نو منتخب صوبائی صدر اور جنرل سکریٹری کابینہ کے دیگر اراکین کا چناو کریں گے سوشل میڈیا سے وابستہ مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے احباب، نوجوان فورم کی قیادت سے بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

سیلاب زدگان کی بحالی کے لئے پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان کی امدادی کاروائیاں جاری

سیلاب سے متاثرہ علاقوں کوہلو، سبی، صحبت پور، جھل مگسی میں 8 ریلیف کیمپس کام کر رہے ہیں

جہاں سیلاب متاثرین کو ان کے ریلیف کیمپس اور پناہ گاہوں میں پکا ہوا کھانا اور راشن تقسیم کیا جارہا ہے

کوئٹہ (این این آئی) سیلاب زدگان کی بحالی کے لئے پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان کی امدادی کاروائیاں جاری ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سیلاب سے متاثرہ علاقوں بشمول کوئٹہ، پشین، چمن، نوشکی، موسیٰ خیل، ژوب، مستونگ، بولان، سبی، قلات، خضدار، لسبیلہ، آواران، جھل مگسی، جعفر آباد، نصیر آباد، ڈیرہ بگٹی، دالبندین، بارکھان صحبت پور و دیگر علاقوں میں سیلاب متاثرین کی بحالی کا سلسلہ تیزی سے جاری ہیں۔ پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان سیلاب متاثرین کی بحالی کے لیے سول انتظامیہ کے بھرپور مدد کر رہے ہیں۔ سیلاب سے متاثرہ علاقوں کوہلو، سبی، صحبت پور، جھل مگسی میں 8 ریلیف کیمپس کام کر رہے ہیں جہاں سیلاب متاثرین کو ان کے ریلیف کیمپس اور پناہ گاہوں میں پکا ہوا کھانا اور راشن تقسیم بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

ریجنل ڈائریکٹر محکمہ نصیر آباد شاہنواز کنرانی نے چارج سنبھال کر کام شروع کردیا

صحبت پور (این این آئی) ریجنل ڈائریکٹر محکمہ نصیر آباد شاہنواز کنرانی نے چارج سنبھال کر کام شروع کردیا۔ ریجنل ڈائریکٹر شاہنواز کنرانی نے جعفر آباد اور صحبت پور کے سیلاب متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ میں نے چارج سنبھال کر جعفر آباد اور صحبت پور ضلع کا سرپرائز دورہ کیا صحبت پور میں سیلاب متاثرین جانوروں سے بھی بدتر زندگی گزار رہے ہیں۔ لوگوں کے پاس نا بچے ہیں نا ہی کھانے پینے کے اشیاء دوائیاں بھی وہاں کیلوگوں بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

تجارتی گیٹ بازار چہ جلد کاروبار کے لیے کھول دیا جائے گا، لیاقت علی عیسیٰ زئی

تفتان بازار چاہ گیٹ کی فعالی کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے گئے ہیں

ان شاءاللہ عنقریب اسے تجارتی سرگرمیوں کے لیے کھولا جائے گا

تفتان (آن لائن) تجارتی گیٹ بازار چہ جلد کاروبار کے لیے کھول دیا جائے گا، ان خیالات کا اظہار خان چینل کے جنرل کونسلر اور بلوچستان عوامی پارٹی تحصیل تفتان کے سینئر نائب صدر حاجی لیاقت علی عیسیٰ زئی نے کہا کہ تفتان بازار چاہ گیٹ کی فعالی کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے گئے ہیں اور ان شاءاللہ عنقریب اسے تجارتی سرگرمیوں کے لیے کھولا جائے گا، انہوں نے کہا کہ بازار چاہ گیٹ کی فعالی سے مقامی افراد کو روزگار کے مواقع میسر آئیں گے بلکہ یہ ملک اور صوبے کی بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

کراچی، حب ریورروڈ کا تعمیراتی کام مست روی کا شکار ہونے کے باعث ٹریفک کی روانی مشکلات کا شکار ہے

وڈیرہ محمد صالح جاموٹ بہترین منتظم فرض شناس آفیسر ہے

خضدار میں ان کی تعیناتی خوش آئند ہے، نصر اللہ شاہوانی

خضدار (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع خضدار کے انفارمیشن سیکریٹری نصر اللہ شاہوانی نے کہا ہے کہ نئے چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن خضدار وڈیرہ محمد صالح جاموٹ ایک بہترین منتظم فرض شناس آفیسر ہے خضدار میں ان کی تعیناتی خوش آئند عمل ہے اس سے پہلے بھی وہ دو مرتبہ خضدار تعینات ہو کر مختصر وقت میں جس محنت اور لگن سے شہر میں کام کر کے خضدار کے بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

اوستہ محمد، گنداخہ، باغ ہیڈ سمیت سیلابی علاقے میں ملیریا، ٹائیفاڈ کی وبا پھیل گئی

ادویات ناپید، لوگ سخت پریشان، میڈیکل اسٹور پر ادویات نہیں مل رہے

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد، گنداخہ، باغ ہیڈ سمیت سیلابی علاقے میں ملیریا، ٹائیفاڈ کی وبا پھیل گئی، ادویات ناپید، لوگ سخت پریشان، میڈیکل اسٹور پر ادویات نہیں مل رہے، عوام کی شکایت تفصیلات کے مطابق اوستہ محمد گنداخہ، باغ ہیڈ سمیت سیلابی علاقے میں میریا ٹائیفاڈ کی وبا بڑی شکل اختیار کر گئی سرکاری یا پرائیوٹ اسپتالوں میں مریضوں کی اتنی رش کہ لوگوں بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

اوستہ محمد ڈی سی کے خلاف محمد صدیق عمرانی کی قیادت میں لانگ مارچ ڈی سی آفس کے سامنے مظاہرہ کر رہے ہیں

سیلاب سے 12718 کلومیٹر سڑکوں اور 390 پلوں کو نقصان ہوا، NFRC

این ایف آر سی کے مطابق پاک فوج کی سیلاب متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیاں جمعرات کو بھی جاری رہیں

پاک آرمی ایوی ایشن ہیلی کاپٹرز نے ریسکیو کے لیے اب تک 526 پروازیں کیں، مزید 34 افراد کو بچالیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل فلڈ رسپانس اینڈ کوآرڈینیشن سینٹر (این ایف آر سی) کے مطابق ملک بھر میں سیلاب کی وجہ سے کل 12718 کلومیٹر سڑکوں اور 390 پلوں کو نقصان پہنچا ہے۔ این ایف آر سی کے مطابق پاک فوج کی سیلاب متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیاں جمعرات کو بھی جاری رہیں، پاک آرمی ایوی ایشن ہیلی کاپٹرز نے ریسکیو کے لیے اب تک 526 پروازیں کیں، گزشتہ 24 گھنٹوں میں 34 افراد کو بچایا گیا، اب تک ہیلی کاپٹرز کے ذریعے 4570 پھنسے افراد کو نکالا جا چکا ہے۔ نیشنل فلڈ رسپانس اینڈ کوآرڈینیشن سینٹر نے کہا کہ ہیلی کاپٹرز سے 16.4 ٹن امدادی سامان سیلاب متاثرین تک پہنچایا گیا، ریلیف کیمپس اور امدادی اشیا جمع کرنے کے پوائنٹس مکمل فعال ہیں بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شبک چہلم کے سلسلے میں ہم آہنگی اور سکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہونے والے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ اینٹی نارکوٹکس اور ضلعی انتظامیہ کی مشترکہ کاروائی

درجنوں منشیات کے عادی افراد کو مسافر بردار گاڑیوں سے دھر لیا

مستونگ (این این آئی) ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ اینٹی نارکوٹکس اور ضلعی انتظامیہ کی مشترکہ کاروائی درجنوں منشیات کے عادی افراد کو مسافر بردار گاڑیوں سے دھر لیا، مسافر بردار گاڑی مالکان کو منشیات کے عادی افراد کو اپنے گاڑیوں میں سوار کرنے سے منع کیا، کسی بھی گاڑی میں منشیات کے عادی افراد کو مستونگ لانے و کے جانے میں ملوث پایا گیا تو ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی اور ڈرائیور اور گاڑی پر مقدمہ درج کیا جائیگا۔ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ اینٹی نارکوٹکس ساوتھ زون محمد زمان خان اور ڈپٹی کمشنر مستونگ بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

جامعہ گوادر کی دوسری فنانس اینڈ پلاننگ کمیٹی اجلاس 16 ستمبر کو منعقد ہوگی

کوئٹہ (آن لائن) جامعہ گوادر کی دوسری فنانس اینڈ پلاننگ کمیٹی اجلاس 16 ستمبر کو منعقد ہوگی، تفصیلات کے مطابق جامعہ گوادر کی دوسری فنانس اینڈ پلاننگ کمیٹی میٹنگ 16 ستمبر ہوگی، اجلاس کی صدارت وائس چانسلر جامعہ گوادر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر کریگے۔ اجلاس میں مختلف محکموں کے اعلیٰ افسران بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

حکومت کلی کٹوان میں امن وامان کی صورتحال برقرار رکھنے کیلئے اپنا کردار ادا کریں

چند عناصر کلی کٹوان میں امن وامان کی صورتحال خراب کرنے کوششیں کر رہے ہیں، حاجی خان شیرین

کوئٹہ (این این آئی) کلی کٹوان کے قبائل رہنما، حاجی خان شیرین نے کہا ہے کہ کلی سبزئی کے چند عناصر کلی کٹوان میں امن وامان کی صورتحال خراب کر نے کوششیں کر رہے ہیں، حکومت بلوچستان، آئی جی ایف، آئی جی پولیس سے مطالبہ ہے کہ کلی کٹوان میں امن وامان کی صورتحال برقرار رکھنے کے لئے اپنا کردار ادا کریں تا کہ علاقے میں امن وامان کی صورتحال برقرار رہ سکے بصورت دیگر ہم خاموش نہیں بیٹھیں گے۔ یہ بات انہوں نے حاجی بشیر، حاجی قاسم، حاجی عبدالحمید، بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

سیاسی جماعتوں کے ساتھ لانگ مارچ کے دوران کئے گئے

وعدوں پر عملدرآمد کر کے برشور کو ضلع کا درجہ دیا جائے، سیاسی جماعتوں پر مشتمل برشور اولسی جرگہ

پشین (این این آئی) سیاسی جماعتوں پر مشتمل برشور اولسی جرگہ نے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ سیاسی جماعتوں کے ساتھ لانگ مارچ کے دوران کئے گئے وعدوں پر عملدرآمد کر کے برشور کو ضلع کا درجہ دیا جائے یا مجوزہ ضلع کاریزات کے ہیڈکوارٹر کے طور پر برشور کا نوٹیفکیشن جاری کیا جائیں تیسری صورت میں انہیں ضلع پشین میں برقرار رکھا جائے۔ یہ بات آل پارٹیز اولسی کمیٹی برشور توبہ کاکڑی کے رہنماؤں پشتونخوامیپ کے نعمت اللہ کاکڑ، جمعیت علماء اسلام کے کلیم اللہ کاکڑ، پاکستان تحریک انصاف کے احمد شاہ اور حاجی عبدالظاہر کاکڑ نے پشین ریسٹ ہاوس میں نئی ضلع مجوزہ ضلع کاریزات کے ہیڈکوارٹر پر تحفظات اور ضلعی ہیڈکوارٹر کو برشور یا کسی بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

جمہوریت قانون کی حکمرانی اور بنیادی انسانی حقوق کا محور ہے، چیئرمین سینیٹ

آزادی اظہار رائے، احتسابی عمل اور انسانی حقوق کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے جمہوری نظام ہی واحد راستہ ہے

15 ستمبر انتہائی اہم موقع ہے جس میں ہم ملکی ترقی اور جمہوری اصلاح کے عمل کو آگے بڑھانے کا جائزہ لے کر شاندار مستقبل کیلئے لائحہ عمل طے کر سکتے ہیں، صادق سنجرانی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے کہا ہے کہ آزادی اظہار رائے، احتسابی عمل اور انسانی حقوق کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے جمہوری نظام ہی واحد راستہ ہے، 15 ستمبر انتہائی اہم موقع ہے جس میں ہم ملکی ترقی اور جمہوری اصلاح کے عمل کو آگے بڑھانے کا جائزہ لے کر شاندار مستقبل کیلئے لائحہ عمل طے کر سکتے ہیں۔ جمعرات کو عالمی یوم جمہوریت کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ آزادی اظہار رائے، احتسابی عمل اور انسانی حقوق کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے جمہوری نظام ہی واحد راستہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمہوری نظام کے تحت تمام سیاسی جماعتیں ترقی وخوشحالی اور عوامی خدمات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتی ہیں جو کسی بھی ملک کیلئے پائیدار امن اور ترقی کا پیش خیمہ بنتا ہے، بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

سردار زادہ میر فیصل خان جمالی کا گنداخہ تحصیل کے مختلف گوٹھوں کا دورہ

اوستہ محمد (آن لائن) سردار زادہ میر فیصل خان جمالی کا گنداخہ تحصیل کے مختلف گوٹھوں کا دورہ کیا اور گوٹھوں کی مختلف برادریوں سے جن میں جمالی۔ کنڈرانی۔ برڑو۔ عمرانی۔ بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

جمالی سردار گھرانہ ہمیشہ اپنے علاقے کی عوام کے ساتھ ہے، سردار زادہ میر فیصل خان جمالی

ہم سے جتنا ہو سکے گا عوام کی خدمت کرتے رہیں گے علاقے کی عوام خود کو تنہا مت سمجھیں

اوستہ محمد (آن لائن) جمالی سردار گھرانہ ہمیشہ اپنے علاقے کی عوام کے ساتھ ہے ہم سے جتنا ہو سکے گا عوام کی خدمت کرتے رہیں گے علاقے کی عوام خود کو تنہا مت سمجھیں سردار زادہ میر فیصل خان جمالی کا سیلاب سے متاثر ہونے والے علاقوں کا دورہ کرنے کے موقع پر متاثرین سے گفتگو تفصیلات کے مطابق سردار زادہ میر فیصل خان جمالی نے گنداخہ تحصیل کے مختلف گوٹھوں کا دورہ کیا اور مختلف برادریوں جن میں جمالی کنڈرانی، برڑو، عمرانی بنگلزئی سمیت دیگر قبائل کے افراد سے ملاقات کی اور مسلسل چلنے والی بارشوں اور سیلاب سے ہونے والے جانی ومالی نقصانات بقیہ نمبر 60 صفحہ 3